حجاب! امن اور حفاظت کی علامت

رپورٹ 2017

4 Sep 2017

International Hijab Day

Introduction:

Sep 4, is being celebrated as International Hijab day as on 4 September 2003 France banned hijab first time in Europe.

International Hijab Day Celebration's in Pakistan:

In Pakistan, Mr. Qazi Hussain Ahmed led this movement and **Jamat-e-Islami** is celebrating this event from 2004 till today.

A Lecture by Mr. Qasim Ali Shah (Educationist and Motivational Speaker).

A talk Show with famous encore **Ms. Nadia Mirza** on topic **My Hijab and Challenges** .

Honourable Guests:

. Fatima qamar
. Dr. Sadi (Director Punjab Group of Colleges)
. Dr. Ammat - ul - Allah Zareen (Gynecologist)
. Mrs Sajid Hussain Abdi (Principle Gov. Girls School)

Speech by **Mr. Siraj-ul-Haq, Ameer Jamat-e-Islami** A tableaus on colours of Hijab, presented the hijab of different areas. Art competition on the topic of Hijab. Hundred plus artists from all over Pakistan participated in it. Hijab stalls were settled for audience by **Fashion Qawareer**. Gift packs for media persons were given . Cash prizes, certificates and Shields were distributed between participants.

Publishing:

1) 2000 book marks
2) 5000 invitation cards
3) 2000 gift bags

Hijab Gala 2017

14th september 2017
At Pearl Continental Hotel Lahore.
Timing : 3:30 pm to 9:00 pm
Organized by :

Dr. Samia Raheel Qazi

Managers:

1) Zarafshan Farheen 2) Sadaf Shahid
3) Aasma Imran 4) Sidra Asim
5) Kiran Amir 6) Sara Abbas
7) kinza Imtiaz 8) Sumayya Shokat

Program Highlights:

At Shahi Khaima , Pearl Continental Hotel, Lhr. More than 2700 effective Women and youth attended the event. Speech competition colleges on the topic of **Is Hijab a hurdle for development.** Special Hijab trana was developed and composed by **Syed Noman Shah.**

Special Efforts :

. Files of published Hijab Material sent to all Media owners, Anchors, columnists ,and producers .
. Helped different channels to prepare their documentries about Hijab .
. Contacted different beauticians and designers for Hijab activites.
. Exchange of expirence with different countries about Hijab Day.
. Provided advertisement material on websites and social media about international hijab day.

Honorary Guests on Hijab Gala:

. Siraj-ul-Haq (Ameer Jamat -e- Islami)
. Qasim Ali Shah (Motivational Speaker)
. Durdana Siddiqie (Secretary General Jamaat-e-Islami)

. Nadia Mirza (Anchor)
. Dr. Saba Sadiq MPA
. Fatima Qamar
. Dr. Halima Sadia (Director training Punjab Group of Colleges)
. Dr. Ammat-ul-Allah Zareen (Head of Gynecologist Jinnah Hospital, Lahore)
. Sajida Hussain Abdi (Principal Govt Girls School)



My Dear Uncle **Hashwani,**

With hopes and prayers for health and spirit I am writing you soliciting a sponsorship opportunity regarding our annual flagship conference on International Hijab Day. Every year 4thof September is being celebrated globally as International HijabDay. Women Wing of Jamaat e Islami organizes a conference on this day to facilitate and celebrate the beauty of cultural and spiritual diversity among the streams of identities Muslim women practice. Hijab is a form of beauty and security that a Muslim woman voluntarily embraces as a religious commandment and Women Wing of Jamaat e Islami is one of the oldest platforms that facilitates women to be energetic and passionate and challenge and change the status quo without abandoning their cultural heritage and roots. The Wing provides necessary tools to the women of Pakistan in the areas of human capital development, communication strategies, social intelligence structures and governance. To this end, this annual flagship conference becomes the focal point for all those who celebrate the energy, diversity and heritage among Muslim women by bringing together the crème de la crème of women in Pakistan.

This year conference will be held on 14th of September 2017 from 3 PM till night. We humbly request you to facilitate us in Pearl Continental Hotel, Lahore with a hall, tea and lunch for 500 persons. As the one who has always strengthened me and enabled me in the causes pertaining to Islam and Pakistan I look upon you this time again. The reality is that your patronage has never let me feel the absence of my late Agha Jan. Your contribution will enable me in great means in organizing this event of substance in terms of content and quality and which has now become an icon of PC Hotel, Lahore. Please advise Mr. Zulfiqar Malik so that I can settle the details with him.
If any more information is required, please feel free to contact me anytime.
Thank you for your support in advance.

Your daughter,
Dr. Samia Raheel Qazi,

Chairperson Council of Trustees
International Muslim Women Union
IMWU.

My Loving Daughter,

Assalam-o-Alaikum

I am glad to receive your beautiful letter dated 14th Sep 2017.
Deen-e-Islam is in our heart and soul. You are MaSha'Allah following footsteps of my very respected brother and your beloved father. It was his desire to educate people particularly mothers of our Nation who can play major role in upbringing of their children to be true Muslim, good human being and patriotic Pakistani.
I am going to Germany for my legs treatment during first week of December, In Sha' Allah. Please pray for my recovery as one can only try otherwise shifa comes from Allah (SWT). However, I shall be more than happy to be with you early next year (2018) to have a grand event at PC Peshawar.
Thank you once again.

Best regards,

Sadruddin Hashwani
Chairman
Hashoo Group

Nespak House, 2nd Floor,
Sector -G-5/2, Islamabad,
Pakistan.
Tel: +92 51 227 2890-8
Fax: +92 51 227 4814
Email: shashwani@hashoogroup.com

Level 19, City Tower 2,
Unit 1901 – 10902,
Shk. Zayed Road, Dubai, UAE.
Tel: +971 4 3949396
Fax: +971 4 3949397

محترم سراج الحق صاحب!

امیر جماعتِ اسلامی پاکستان!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

ربِ رحمٰن سے آپ کے ایمان وصحت کی سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ!

14 ستمبر بروز جمعرات کو ہم PC لاہور میں حجاب گالا منعقد کر رہے تھے جس میں آپ کے کلیدی خطاب کے لیے درخواست گزار تھے، مگر کرکٹ میچ کی وجہ سے سیکورٹی ہائی الرٹ جاری ہو گیا اور پی سی کی انتظامیہ کو حکم دیا گیا کہ تمام پروگرام منسوخ کر دیئے جائیں نئے شیڈول کے مطابق 14 ستمبر بروز پیر 2017ء آپ سے درخواست ہے کہ اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے اس اہم تقریب کے لیے ہمیں ضرور وقت دیں۔

پروگرام ان شاءاللہ

تاریخ: 14 ستمبر 2017ء

دن: پیر

مقام: شاہی خیمہ PC

والسلام

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

ڈائریکٹر امورِ خارجہ، حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی پاکستان

محترم سراج الحق صاحب!

امیر جماعتِ اسلامی پاکستان!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

ربِ رحمٰن سے آپ کے ایمان وصحت کی سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ!

ہم آپ کی خدمت میں دو CD's روزانہ کر رہے ہیں۔

۱) ایک سی ڈی جو حجاب کانفرنس، حجاب ترانے، حجاب کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے تین اشتہارات، تین خواتین کے انٹرویوز جو کہ شوبز کو چھوڑ کر حجاب کی طرف راغب ہوئیں، جن میں عروج ناصر، سارہ چوہدری اور ستائش خان شامل ہیں، پر مبنی ہے۔

۲) دوسری سی ڈی بھوربن مری کے مقام پر ایک یوتھ کیمپ کی روداد پر مبنی ہے جس کا عنوان ''Sacred Pearls'' ہے۔

اُمید ہے کہ یہ سی ڈیز آپ کو مفید لگیں گی اور آپ انہیں نشر واشاعت کے ذریعے میڈیا کو جاری کریں گے۔

اللہ ہم سے اپنے دین کی خدمت کا کام لے کر اُسے شرف قبولیت بخشے اور ہم سے راضی ہو جائے۔

والسلام

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

ڈائریکٹر امورِ خارجہ، حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی پاکستان

محترمہ دردانہ صدیقی صاحبہ!

قیمہ حلقہ خواتین، جماعتِ اسلامی پاکستان!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

رب رحمٰن سے آپ کے ایمان وصحت کی سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ۔

اس سال چونکہ 4 ستمبر عالمی یومِ حجاب عیدالاضحیٰ کے ساتھ آرہا ہے لہذا عیدالاضحیٰ کے ساتھ ہی اس کی تیاری بھی جاری ہے۔ اس وقت ڈائریکٹر امورِ خارجہ اور انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین کی صدر ہونے کی حیثیت سے آپ کو اس سال کی اپنی پلاننگ کی اطلاع دینا مقصود ہے۔

ہم اس دفعہ درج ذیل سرگرمیاں کررہے ہیں:

۱) ہماری سالانہ کانفرنس جسے ہم نے 14 ستمبر بروز جمعرات سہ پہر تین تا مغرب تک پلان کیا ہے، میں آپ کے کلیدی خطاب کے لیے ابھی سے درخواست گزار ہوں۔

۲) ایک گفٹ بیگ تیار کروا رہے ہیں جس میں شامل مصنوعات کی تفصیل یہ ہے:

☆ گفٹ بیگ

☆ عالمی یومِ حجاب پر مبنی دو کتابیں

☆ وش کارڈ، جس کے ایک طرف عید کارڈ اور دوسری طرف عالمی یومِ حجاب کی مبارکباد کی تحریر ہے۔

☆ بک مارک

۳) میڈیا مالکان، اینکر خواتین وحضرات، کالم نگاروں اور پروڈیوسرز خواتین وحضرات کو ایک فائل پر مبنی مواد بھجوایا جائے گا تاکہ اس دن کی مناسبت سے اپنا کردار ادا کرسکیں۔

۴) لاہور کے اہم پبلشنگ ہاؤسز میں اپنی مصنوعات رکھی جائیں گی۔

۵) حکومتی ذمہ داران، عدلیہ اور انتظامیہ کو اپنے گفٹ بیگز بھجوائے جائیں گے۔

۶) صحافی خواتین وحضرات کو حجاب کے تحائف ارسال کیے جائیں گے۔

۷) نوائے وقت اور جنگ کے اسپیشل ایڈیشنز تیار کروانے میں مدد کی جائے گی۔

۸) مختلف ٹی وی چینلز جو حجاب پر دستاویزی فلم تیار کرنا چاہتے ہوں، ان کی معاونت کی جائے گی۔ یہ معاونت گزشتہ کئی سال سے جاری ہے۔

۹) ملک کی ممتاز بیوٹیشنز سے رابطہ کرکے انہیں حجاب ڈے کی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے گا۔

۱۰) حجاب ڈے پر مبنی ترانے اور ہمارے 3 اشتہارات کو مختلف ٹی وی چینلز پر نشر کرنے کا اہتمام کیا جائے گا۔

۱۱) قوار یر فیشن کے زیر انتظام مختلف ممالک کے حجاب بھی متعارف کروائے جائیں گے اور حجاب تیار کرنے والے ملکی مختلف اداروں کو پلیٹ فارم مہیا کیا جائے گا۔

۱۲) IMWU کے روابط استعمال کرکے ہم عالمی سطح پر ایک دوسرے کے ساتھ اپنے تجربات کا تبادلہ بھی کریں گے اور تمام ممبر ممالک میں حجاب ڈے منانے کا اہتمام بھی کریں گے۔

۱۳) محترم امیر جماعت سے ہر سال درخواست کی جاتی ہے کہ میڈیا مالکان اور ممتاز کالم نگاروں و پروڈیوسروں سے رابطہ کرکے ان کو خصوصی ایڈیشنز اور پروگرام نشر کرنے پر متوجہ کیا جائے۔ اس سال بھی یہ اہم کام کیا جائے گا۔

اللہ ہم سے اپنے دین کی خدمت کا کام لے کر اُسے شرف قبولیت بخشے اور ہم سے راضی ہوجائے۔

والسلام

آپ کی کارکن

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

ڈائریکٹر امورِ خارجہ، حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی

صدر انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین، ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان

محترم جناب عامر جعفری صاحب
ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
رب رحمٰن سے آپ کے ایمان وصحت کی سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ۔
عالمی یوم حجاب کے موقع پر اس سال ہم 14 ستمبر کو PC لاہور میں حجاب گالا کے نام سے پروگرام منعقد کر رہے ہیں۔ اس پروگرام کو IMWU کے پلیٹ فارم سے کرنے کا ایک بڑا مقصد نجی وسرکاری تعلیمی اداروں اور یوتھ تک رسائی اور مثبت فکر کی منتقلی ہے۔
ہماری مشاورت میں طے پایا ہے کہ اس حجاب گالا میں ہونے والے مقابلہ جات کے انعقاد میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی خدمات حاصل کی جائیں۔
مقابلہ جات کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱) بین الکلیاتی مباحثہ:
عنوان: ''کیا حجاب عورت کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے''؟

۲) مقابلہ پوسٹر سازی/پینٹنگ:
عنوان: ''مختلف ممالک کے حجاب، عورت، حیا اور معاشرے پر اُس کے اثرات''

۳) مقابلہ شاعری:
عنوان: ''حجاب کے رنگ''

ہم چاہتے ہیں کہ یہ مقابلہ جات اعلیٰ تعلیمی اداروں، یونیورسٹیز، کالجز، میڈیکل کالجز (نجی وسرکاری) کی طالبات کے مابین ہوں۔
مقابلہ جات میں شرکت کرنے والی تمام طالبات کو حجاب گالا میں اسناد دی جائیں گی۔ جبکہ مقابلہ جات میں اول، دوم اور سوم آنے والی طالبات میں کیش انعامات بھی تقسیم کیے جائیں گے۔

اول انعام:	دس ہزار
دوم انعام:	پانچ ہزار
سوم انعام:	تین ہزار
انعام حوصلہ افزائی:	ایک ہزار

اِسکے علاوہ ہمیں ساؤنڈ سسٹم میں بھی معاونت درکار ہے۔ اُمید ہے حسب سابق محمد بوٹا صاحب کا تعاون حاصل رہے گا۔
اس تمام تعاون پر میں اور میری ٹیم آپ کی شکر گزار ہوں گی۔ رب کریم سے دعا گو ہوں کہ وہ جملہ مساعی کو قبولیت بخشے۔ (آمین)

والسلام
ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی
صدر انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین
ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

LETTER FOR GUEST

Dear Sir,

It was an immense pleasure for us, that you joined our event HIJAB GALA on Monday, September 14 ,2017 and bestowed us by being our Guest. Your precious time was of great importance for us. Your presence and interest towards our cause is a real support .

You have contributed your skills to our Umma'h. We want to express our deepest gratitude towards you and wish to continue a good relation in future.

Yours Sincerely,

Dr. Samia Raheel Qazi
Director Foreign Affairs
JI Women Wing

حجاب میرا وقار، میرا افتخار

تحریر: ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن، جماعت اسلامی

نائن الیون کے بعد اسلام اور اسلام کی علامات خاص طور پر حجاب کے خلاف مغرب کے متعصّبانہ رویوں اور میڈیا نے جو بھرپور مہم جاری رکھی ہوئی ہے، بدقسمتی سے اس کا اس طور پر جواب نہ دیا گیا جیسے کہ حق تھا، مگر شرق و غرب میں بیدار ہوتی نوجوان نسل نے اب اقدام کا فیصلہ کرلیا ہے اور اس کی ایک علامت حجاب کا بڑھتا ہوا رجحان ہے۔ ایک سفارتی تقریب میں ایک نام نہاد پاکستانی دانشور نے بڑے افسردہ لہجے میں بتایا کہ ہمارے زمانے میں تو خال خال یونیورسٹیوں میں حجاب والی لڑکی نظر آتی تھی، اب تو آپ نے زبردستی ایک مہم کے ذریعے ہر طرف حجاب والی بچیوں کو پھیلا دیا ہے۔ میں نے کہا کہ محترم! حجاب کسی کو زبردستی نہیں پہنایا جاتا اور یہ حجاب جسے آپ جبر اور قید کی علامت سمجھتے رہے اور سمجھاتے رہے وہ زمانے گزر گئے۔ یہ اکیسویں صدی ہے اور یہ حجاب اب مسلمان عورت کی آزادی کی علامت بن کر ابھرا ہے۔ یہ ہمارا وقار، ہمارا افتخار اور اعتبار بن گیا ہے۔ ہم اسی آخری آسمانی ہدایت کی طرف لوٹ رہے ہیں جس میں ہمیں بشارت دی گئی ہے کہ ایک نبی محترم ﷺ تمھیں ان بوجھوں سے نجات دینے آئے ہیں جنھیں معاشرے نے تمہارے اوپر لاد دیا تھا اور تمھیں ان زنجیروں سے آزاد کرانے آئے ہیں جنھوں نے تمھیں جکڑ لیا تھا۔

جولائی 2004ء کو لندن میں عالمی اسلامی تحریکوں کے رہنما علامہ یوسف القرضاوی کی سربراہی میں ایک کانفرنس میں فرانس میں حجاب پر پابندی کے قانون کے خلاف یہ طے کیا گیا کہ چونکہ ستمبر 2003ء میں یہ قانون پاس ہوا ہے، اس لیے آئندہ 4 ستمبر 2004ء کو پوری دنیا میں عالمی یوم حجاب منایا جائے گا اور اس دن سے 4 ستمبر کو حجاب کے حوالے سے یاد کیا جاتا ہے۔ فرانس جسے کبھی روشنیوں، خوشبوؤں، فنون اور آزادی کا ملک سمجھا جاتا تھا، اب مسلمانوں کے لیے خوف اور جبر کی علامت بن چکا ہے۔ صرف فرانس پر ہی کیا موقوف، پورے مغرب کی اسلام دشمن پالیسیوں اور خاص طور پر یورپی متعصّبانہ رویوں نے مسلمانوں کو غمزدہ کر دیا ہے۔ ''اسلام فوبیا'' ایک مستقل اصطلاح بنتی چلی جارہی ہے۔ یکم جولائی 2009ء کو ہماری ایک بہن مروہ الشربینی کو جرمنی میں حجاب کے جرم میں بھری عدالت میں شہید کر دیا گیا اور جرمنی کی حکومت نے کوئی ایکشن نہ لیا۔ ہمیں کبھی مروہ قواچی کی صورت ملک بدر کیا جاتا رہا اور کبھی مروہ شربینی کی صورت میں دنیا سے رخصت، مگر حجاب کا یہ عزم توانا سے توانا ہوتا جارہا ہے۔ مروہ اللہ کے شعائر کی ایک علامت کا نام ہے اور یہ علامت روز بروز فزوں تر اور نمایاں تر ہوتی چلی جارہی ہے۔ اس ایک گز کے ٹکڑے نے اب وہ قوت حاصل کرلی ہے کہ

کسی کے دبائے نہ دبے گی۔

حجاب کو تو محض ایک گز ٹکڑے کی بنیاد کہا جا رہا ہے جو کہ بالکل غلط ہے۔ یہ تو ایک پورا نظام اخلاق ہے جو ہمارے معاشرے میں حیا کی آبیاری کرتا ہے اور عفت کے چلن کو عام کرتا ہے۔ دراصل ہمارا یہ ایک گز کا ٹکڑا مغرب کی اربوں ڈالر کی فیشن انڈسٹری کو اپنے پاؤں کی ٹھوکر پر رکھ دیتا ہے اور یہ مقدس اور عفیف حجاب، فیشن اور عریاں تہذیب و ثقافت کو ملیا میٹ کر دینے کا نام ہے جو کہ شیطان کے کارندوں کا روز ازل سے محبوب مشغلہ ہے۔ شیطان کا اولین وار ہی حضرت آدم علیہ السلام کو بے لباس کرنا تھا اور آج تک اس کا محبوب ترین ہتھیار یہی ہے کہ وہ بے حجابی کو آراستہ و پیراستہ کر کے عورت کو دھوکہ دیتا ہے اور وہ یہ بھول جاتی ہے کہ فطرت کا تقاضا ہے کہ ہر قیمتی چیز ملفوف ہوتی ہے، خول میں محفوظ ہوتی ہے۔ اسے لوگوں کی نظروں سے دور محفوظ رکھا جاتا ہے تاکہ اس کی قدر و قیمت برقرار رہے جیسے قیمتی زر و جواہر، جیسے نازک اشیا، جیسے خوبصورت سیپیوں میں محفوظ قیمتی موتی وغیرہ۔

ایک برطانوی شہری سے پوچھا گیا کہ آپ کی ملکہ ہر ایرے غیرے سے ہاتھ ملاتی ہے کہ نہیں؟؟ جواب ملا نہیں، اس کی شان کے خلاف ہے کہ وہ ہر ایک سے ہاتھ ملائے۔ اسے بتایا گیا کہ مسلمانوں کے ہاں ہر عورت ملکہ کا درجہ رکھتی ہے وہ بھی ہر ایک سے نہیں ملتی۔ ہر مبارک چیز کو غلاف میں رکھا جاتا ہے جیسے خانہ کعبہ، قرآن کریم اور دوسری متبرک اشیا۔ عورت کو بھی اللہ تعالیٰ نے اپنی مبارک تخلیق بنایا ہے اور اسے بھی غلاف اور حجاب میں رہنے کا حکم دیا ہے۔

علامہ اقبالؒ اپنی ایک فارسی رباعی میں کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ خالق ہے اور وہ حجابوں میں ہے۔ اس نے اس کائنات میں انسانوں کو پیدا کرنے کی صفت تخلیق صرف عورت کو عطا کی ہے اور عورت کو اپنے اس اعزاز پر بے تحاشا فخر کرنا چاہیے اور چونکہ اللہ تعالیٰ خالق ہے اور محجوب ہے، اس لیے عورت کو بھی اپنی تخلیق کی حفاظت کے لیے حجاب میں رہنا چاہیے اور اسے جلوت کی زحمتوں سے بچا لینا چاہیے کہ وہ نسلِ انسانی کی بہترین تربیت کر سکے۔

آج کے اس دور میں حجاب آزادی کی توانا علامت بن کر سامنے آ رہا ہے۔ زندگی کے ہر شعبے میں باحجاب خواتین کی بھرپور شمولیت اس بات کا اعلان ہے کہ حجاب عورت کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بلکہ مدد و معاون ہے۔ مثال کے طور پر سرجن انسانی زندگی کا سب سے نازک ترین کام کر رہا ہوتا ہے، جب وہ کسی انسان کے دل یا دماغ کا آپریشن کر رہا ہوتا ہے اور اس وقت وہ سر سے پاؤں تک حجاب میں ملبوس ہوتا ہے، حتیٰ کہ نقاب بھی کیا ہوتا ہے، سر بھی ڈھکا ہوتا ہے، دستانے (Gloves) بھی پہنے ہوتے ہیں اور گاؤن کی صورت میں لباس بھی پہنا ہوتا ہے اور اس کے لیے حجاب کی یہ سب تفصیلات انسانی زندگی کے اس نازک ترین کام میں رکاوٹ نہیں بنتیں بلکہ اس کے لیے معاون ثابت ہوتی ہیں کہ اسے مریض کے انفیکشن (Infection) اور دوسری بیماریوں سے بچاؤ کا سامان مہیا کر رہی ہوتی

ہیں۔ طالبان کی قید میں اسلام سے متاثر ہو کر مسلمان ہونے والی برطانوی صحافی ایوان ریڈلے نے ابھی ایک کانفرنس میں مجھے بتایا کہ جنیوا میں ہیومن رائٹس کنونشن میں، میں نے اٹلی اور فرانس کا شکریہ ادا کیا کہ آپ نے حجاب پر پابندی لگا کر بہت اچھا کیا کیونکہ آپ نے میرے وطن برطانیہ کو لاکھوں پاؤنڈ کا بزنس عطا کیا ہے۔ اب سب امیر عرب عورتیں شاپنگ کرنے برطانیہ آتی ہیں اور یہاں اُنھیں جب تک حجاب کی وجہ سے عزت ملے گی، وہ یہاں آتی رہیں گی اور جب یہاں پر بھی مغرب کا متعصّبانہ رویہ پروان چڑھے گا تو وہ اپنے مسلمان ممالک میں ہی رہنے اور تفریح کرنے کو ترجیح دیں گی۔

یہ سب تفصیلات بتانے کا مقصد یہ ہے کہ اللہ ہمارا خالق ہے اور اسے ہی سب سے زیادہ بہتر پتا ہے کہ کس طرح سے میری یہ تخلیق زیادہ بہتر طریقے سے زندگی گزار سکے گی۔ اس وقت جبکہ سارا عالم فساد عظیم کی زد میں ہے اور بحر و بر میں انسانوں کے ہاتھوں ظلم کا راج برپا ہے اور مسلمانوں کی اکثریت مظلومیت کی آخری حدوں کو چھو رہی ہے، یہ تاریک رات اس بات کی علامت ہے کہ شب جب زیادہ تاریک ہو جائے تو سحر کی نوید بن جاتی ہے۔

دل سے کہو نہ گھبرائے کہ سحر قریب ہے اور شب کی آخری ساعتوں میں
رب سے یہی ایک فریاد ہے:
اے خالق وقت اتنا بتا کیا وہ لمحہ بھی تیری ہی تخلیق تھا؟؟
جس گھڑی میرے شہروں کی ہنستی ہوئی بستیاں ختم کر دی گئیں، قتل کر دی گئیں؟؟
اور سن! اے لامکانوں کے تنہا مکین
تیرے گھر کو گرانے جو آیا کوئی تو پرندے پیام اجل بن گئے
ابرھہ اور اس کے سبھی لشکری تیرے گھر سے جو نا کام لوٹے تو کیا؟؟
میرے شہروں میں یوں آ کے وارد ہوئے
ہم زمین زاد لوگوں کے گھر لٹ گئے
آشیاں گر پڑے اور شہر مٹ گئے!
رب کعبہ! تجھے تیرے گھر کی قسم، جو سلامت رہا
سلامت رہے، تا قیامت رہے، میرے برباد شہروں کی فریاد سن
ابرھہ کا وہی لشکر فیل ہے
ہم کو پھر انتظار ابابیل ہے

حجاب! نقیب انقلاب

رپورٹ 2018

محترمی ومکرمی!

جناب سراج الحق صاحب!

امیر جماعتِ اسلامی پاکستان!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ!

ربِ رحمٰن سے آپ کے ایمان وصحت کی سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ۔

4 ستمبر عالمی یومِ حجاب جماعتِ اسلامی حلقہ خواتین 2004ء سے بھرپور اہتمام سے مناتی آرہی ہے، جسے اُس وقت کے امیر جماعت محترم قاضی حسین احمد صاحب سے لے کر محترم منور حسن صاحب اور اب آپ کی بھرپور سرپرستی حاصل رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر آپ لوگوں کی راہنمائی شامل حال نہ ہوتی تو ہم اس دن کو ایک مستحکم روایت بنانے میں کبھی کامیاب نہ ہوتے۔ اس کے لیے ہم نے درج ذیل سرگرمیاں ترتیب دی ہیں:

۱) سب سے پہلے مرحلے میں ہمیشہ محترم امیر جماعت میڈیا مالکان، نشر واشاعت کے اہم اداروں، کالم نگاروں، پروڈیوسر حضرات کو دو، تین ہفتے قبل ملاقاتوں اور فون کالز کے ذریعے اس عالمی یومِ حجاب کی طرف خصوصی طور پر متوجہ کرواتے ہیں۔ اس لیے آپ سے درخواست ہے کہ آپ ۴ ستمبر عالمی یومِ حجاب کو منانے کے لیے ان حلقوں کو متوجہ کریں۔

۲) ہماری سالانہ کانفرنس جسے ہم نے ۵ ستمبر بروز بدھ سہ پہر تین تا مغرب تک پلان کیا ہے، میں آپ کے کلیدی خطاب کے لیے ابھی سے درخواست گزار ہوں۔

۳) ایک گفٹ بیگ تیار کروا رہے ہیں جس میں شامل مصنوعات کی تفصیل یہ ہے:

۱) گفٹ بیگ

۲) عالمی یومِ حجاب پر مبنی دو کتابیں

۳) بک مارک

۴) میڈیا مالکان، اینکر خواتین وحضرات، کالم نگاروں اور پروڈیوسرز خواتین وحضرات کو ایک فائل پر مبنی مواد بھجوایا جائے گا تا کہ اس دن کی مناسبت سے اپنا کردار ادا کر سکیں۔

۵) لاہور کے اہم پبلشنگ ہاؤسز میں اپنی مصنوعات رکھی جائیں گی۔

۶) حکومتی ذمہ داران، عدلیہ اور انتظامیہ کو اپنے گفٹ بیگز بھجوائے جائیں گے۔

۷) صحافی خواتین وحضرات کو حجاب کے تحائف ارسال کیے جائیں گے۔

۸) نوائے وقت اور جنگ کے اسپیشل ایڈیشنز تیار کروانے میں مدد کی جائے گی۔

۹) مختلف ٹی وی چینلز جو حجاب پر دستاویزی فلم تیار کرنا چاہتے ہوں، ان کی معاونت کی جائے گی۔ یہ معاونت گزشتہ کئی سال سے جاری ہے۔

۱۰) ملک کی ممتاز بیوٹیشنز سے رابطہ کر کے انہیں حجاب ڈے کی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے گا۔

۱۱) حجاب ڈے پر مبنی ترانے اور ہمارے 3 اشتہارات کو مختلف ٹی وی چینلز پر نشر کرنے کا اہتمام کیا جائے گا۔

۱۲) قوار یر فیشن کے زیر انتظام مختلف ممالک کے حجاب بھی متعارف کروائے جائیں گے اور حجاب تیار کرنے والے ملکی مختلف اداروں کو پلیٹ فارم مہیا کیا جائے گا۔

۱۳) IMWU کے روابط استعمال کر کے ہم عالمی سطح پر بھی ایک دوسرے کے ساتھ اپنے تجربات کا تبادلہ بھی کریں گے اور تمام ممبر ممالک میں حجاب ڈے منانے کا اہتمام بھی کریں گے۔

اللہ ہم سے اپنے دین کی خدمت کا کام لے کر اُسے شرف قبولیت بخشے اور ہم سے راضی ہو جائے۔

والسلام

آپ کی کارکن

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

ڈائریکٹر امور خارجہ، حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی

صدر انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین

ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان

کاپی: محترمہ دردانہ صدیقی صاحبہ

اقبال، عورت اور حجاب

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

یہ فطرت کا اصول ہے کہ جو شے جس قدر قیمتی ہے اُسی قدر اُسے لوگوں کی نظروں سے دور رکھا جاتا ہے۔ جتنے قیمتی زر و جواہر ہوتے ہیں انھیں ڈبوں میں بند کر کے لاکرز اور سیفوں میں چھپا کر رکھا جاتا ہے اور جو چیز جس قدر معمولی ہے وہ بازاروں میں تھڑوں پر سرِعام رکھی ہوئی ہوتی ہے۔ جو شخص جتنا اہم ہوتا ہے اس کی اُس قدر سیکورٹی رکھی جاتی ہے۔ جو چیز جتنی مقدس ہوتی ہے اُتنی ہی غلافوں میں لپیٹ کر رکھی جاتی ہے۔ جیسے خانہ کعبہ، قرآن کریم کے علاوہ دیگر مقدس اور قیمتی اشیا کو غلافوں میں لپیٹ کر رکھا جاتا ہے۔ ان مقدس اور قیمتی اشیا کو پردے میں رکھنا عقل اور فطرت دونوں کا تقاضا ہے تاکہ اُسے بیرونی آلائشوں اور ماحول کی گندگی سے دور رکھا جا سکے اور اُس کی قدر و قیمت برقرار رہے۔

اللہ کے نزدیک عورت بھی ایک مقدس اور قیمتی ہستی ہے جس کو اُس کا حجاب مزید وقار عطا کرتا ہے اور اُسے افتخار اور اعتبار بخشتا ہے۔ تہذیب جدید نے اس فطری اصول سے بغاوت کر کے عورت کو محبت اور حفاظت کے حصاروں سے نکال کر آزادی، مساوات اور حقوق کے نام نہاد نعروں کے دھوکے میں مبتلا کر کے شمع محفل اور تجارتی شے (Commercial Commodity) بنا دیا ہے۔ عالمی استعماری طاقتوں نے اُمت مسلمہ پر تہذیبی یلغار کرتے ہوئے اسلامی شعائر کو ہدف بنایا ہوا ہے، جہاد، ناموس رسالتؐ، خاندانی نظام اور حجاب ان کے خصوصی اہداف ہیں۔ ہر جگہ پر اُن شعائر کو، جو تہذیب اسلامی کی علامات ہیں، انتہا پسندی، قدامت پرستی اور دہشت گردی سے جوڑا جا رہا ہے۔ فرانس، ہالینڈ، ڈنمارک، بیلجیئم اور اٹلی حجاب پر پابندی عائد کر چکے ہیں۔ اُمت مسلمہ بالخصوص مغربی ممالک میں رہنے والے مسلمان ان متعصب رویوں اور امتیازی قوانین کی وجہ سے مسائل سے دوچار ہیں۔ خود ترکی میں، جو کہ عظیم الشان خلافت عثمانیہ کا مرکز اور مسلمانوں کے تہذیبی عروج کا علمبردار رہا ہے، حجاب پر پابندی عائد کر دی گئی تھی۔ وہاں کی باحجاب رکن پارلیمنٹ مروہ قواچی انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین میں میری ساتھی رہ چکی ہیں۔ ہم نے اُس وقت سے حجاب کے لیے ایک انٹرنیشنل موومنٹ شروع کی تھی جب اُنھیں حجاب کی وجہ سے اسمبلی کی رکنیت اور اپنے ملک کی شہریت سے بھی محروم کر دیا گیا تھا۔ 2004ء میں لندن میں ''اسمبلی فار دی پروٹیکشن آف حجاب'' کے زیر اہتمام ایک اجلاس منعقد کیا گیا اور حجاب کے خلاف متعصّبانہ رویوں کے خلاف ایک مشترکہ پلیٹ فارم سے آواز بلند کرنے کے لیے باقاعدہ، منظم اور مربوط تحریک چلانے کا فیصلہ کیا گیا۔ 4 ستمبر 2004ء کو

عالم اسلام کے ممتاز علمائے کرام کے ایک گروپ نے علامہ یوسف القرضاوی صاحب کی قیادت میں عالمی یوم حجاب منانے کا اعلان کیا تھا، جسے چیلنج کی طرح قبول کیا گیا اور آج ہر طرف حجاب کی بہار ہے۔

اقبالؒ نے شاعری کے ذریعے سے اُمت کو خواب غفلت سے جگانے کی انتہائی کوشش کی۔ وہ اسرار خودی میں اپنی شاعری کے بارے میں فرماتے ہیں:

زندگی کا مقصد کائنات کی قوتوں کی تسخیر ہے اور آرزو اس تسخیر کے لیے فسوں کا کام دیتی ہے۔ شاعر کا سینہ جلوہ گاہ حسن ہے اور اس سے حسن کے انوار پھوٹتے ہیں۔ جو چیز خوبصورت، زیبا اور جمیل ہے، وہی طلب کے بیابان میں ہمارے لیے راہنما بنتی ہے۔ شاعر کی نگاہ سے خوبصورت چیز اور خوبصورت بن جاتی ہے۔ اس کی شاعری کے اثر سے فطرت کا حسن اور نمایاں ہو جاتا ہے۔ شاعر کے دل میں سینکڑوں جہاں پوشیدہ ہیں۔ وہ بدصورتی سے نا آشنا ہے، صرف حسن کی تخلیق کرتا ہے۔ اس کے جادو سے زندگی کی قوت میں اضافہ ہوتا ہے، زندگی اپنا احتساب کرتی ہے اور آگے بڑھنے کے لیے بے تاب ہو جاتی ہے۔

جس قوم کا شاعر ذوق حیات سے روگردانی کرتا ہے، وہ قوم اپنی موت آپ مرنے میں خود حصہ دار بنتی ہے۔ وہ قوم کو وسوسوں کے سمندر میں ڈالتا ہے اور عمل سے بیگانہ کر دیتا ہے۔ وہ نیند کو بیداری سے بہتر قرار دیتا ہے اور اس کی پھونکوں سے آگ تیز ہونے کی بجائے اُلٹا بجھ جاتی ہے۔

اے شاعر! جس کی جیب میں سخن کی نقدی ہے، اپنی شاعری کو زندگی کی کسوٹی پر کَس لے۔ پُر اُمید سوچ عمل کی راہبر بنتی ہے۔ ادب میں فکر صالح ہونی چاہیے جو عمل کی طرف راہنمائی کرے۔ اپنی فارسی شاعری میں وہ پھر عورت کو کہتے ہیں:

بتو لے باش و پنہاں شو ازیں عصر
کہ در آغوش شبیرے بگیرے

بتول بن جاؤ اور اس زمانے کی نظروں سے چھپ جاؤ کہ تمہاری گود میں پھر ایک حسینؓ پرورش پا سکے۔

جاوید نامہ میں محکمات عالم قرآنی میں خلافت آدم کے عنوان کے تحت حجاب کی حقیقت پر بات کرتے ہیں:

اے کہ دور حاضر نے تیرے دینی جذبے کی گرمی کو سرد کر دیا ہے
آؤ میں تمھیں حجاب کی مصلحتوں کو کھول کر بتاتا ہوں
ذوق تخلیق انسانی جسم میں آگ کی طرح سلگ رہا ہے

اس ذوق تخلیق سے انسانی معاشرے کو فروغ حاصل ہے
جس کو بھی ذوق تخلیق کی اس آگ سے کچھ حصہ ملا ہے
وہ اپنے اندر کے سوز وساز سے ایک کشمکش میں مبتلا ہو جاتا ہے
وہ ہر وقت اپنے نقش کی نگرانی کرتا ہے تا کہ اس پر کوئی دوسرا نقش اثر انداز نہ ہو
مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حرا میں خلوت اختیار کی
ہمارا نقش (اُمت مسلمہ کا نقش) اُنؐ کے دل میں راسخ کر دیا گیا
اُنؐ کی خلوت سے ایک قوم پیدا کر دی گئی
اگر چہ کلیم اللہ کی طرح تجھے ایک روشن روح تو حاصل ہے
لیکن خلوت کے بغیر تیرے افکار بانجھ ہیں
کم آمیزی سے تخیل میں زندگی کی لہر تیز دوڑتی ہے
اور زیادہ بیدار زیادہ جستجو کرنے والا اور زیادہ حاصل کرنے والا بن جاتا ہے
علم اور شوق دونوں زندگی کے مقامات میں سے ہیں
دونوں واردات قلبی سے اپنا اپنا حصہ پاتے ہیں
علم تحقیق سے لذت حاصل کرتا ہے
عشق تخلیق سے لذت حاصل کرتا ہے
تحقیق والے جلوت کو عزیز رکھتے ہیں
تخلیق والے خلوت کو عزیز رکھتے ہیں
موسیٰ علیہ السلام نے ذات حق کو سامنے دیکھنے کی درخواست کی
یہ سب لذت تحقیق کا کرشمہ تھا
اللہ نے فرمایا کہ تم مجھے نہیں دیکھ سکتے۔ اس میں بہت سارے دقیق نکتے پوشیدہ ہیں
تھوڑی دیر کے لیے اس گہرے سمندر میں گم ہو جائیں

ہر جگہ زندگی کے آثار بے پردہ نظر آتے ہیں
کائنات کا ضمیر اس چشمے کا منبع ہے
آفاق کے سارے ہنگامے پر نظر ڈالو
تخلیق کرنے والی ہستی کو جلوت کے ہنگاموں کی تکلیف نہ دو
اس لیے کہ ہر تخلیق کی حفاظت کے لیے خلوت کی ضرورت ہوتی ہے
اور اس کے صدف کا موتی خلوت میں جنم لیتا ہے

علامہ اقبالؒ یہاں حجاب کی مصلحت یہ بتاتے ہیں کہ اللہ خود خالق ہے اور اس نے اپنی یہ صفت تخلیق صرف عورت کو عطا کی ہے اور وہ خود بھی حجابوں میں ہے اور عورت سے بھی کہتا ہے کہ وہ اپنی تخلیق کی حفاظت کے لیے دنیا کی نظروں سے پوشیدہ رہے تا کہ صدف کی طرح خلوت میں اپنے موتی کی حفاظت کر سکے۔

در نگر ہنگامہ آفاق را　　زحمتِ جلوت مدہ خلّاق را
حفظ ہر نقش آفرین از خلوت است　　خاتم اُور انگین از خلوت است

آفاق کے سارے ہنگامے پر نظر ڈالو اور تخلیق کرنے والی ہستی کو جلوت کے ہنگاموں کی تکلیف نہ دو۔ ایک اور جگہ فرماتے ہیں:

بہل اے دخترک ایں دلبریہا
مسلمان را نہ زیبد کافریہا
منہ دلبر جمال غازہ پرور
از نگاہ با موز غارت گریہا

اے میری چھوٹی بیٹی! یہ آرائش و زیبائش چھوڑ دے۔ مسلمانوں کو یہ کافرانہ ادائیں زیب نہیں دیتیں۔ اس مصنوعی آرائش و غازے کی سرخی کو چھوڑ کر کردار کی طاقت سے دلوں کو مسخر کرنا سیکھو۔

ایک ایسے وقت میں جبکہ اقبال کی شاعری کو بطور فیشن ہر مقرر اپنی تقریر کی زینت بنا رہا ہے، ہمیں اُن کی شاعری کے اصل پیغام کو سمجھنا اور اس پر عمل پیرا ہونا چاہیے کہ عورت ہی تہذیبوں کی عمارتوں کا ستون ہے۔ وہ مایوسیوں میں اُمید کے چراغ کو روشن کرتی ہے۔ اپنے خون جگر سے ایک بے جان لوتھڑے کو انسان بناتی ہے۔ اس کے کردار سے قومیں سربلند ہوتی ہیں۔ وہ ایک روشن مشعل کی طرح

اندھیروں سے لڑ بھڑ جانے کا حوصلہ رکھتی ہے۔ کبھی نہ بجھنے والے چراغ کی مانند ہماری راہنمائی کرتی ہے۔ اس کی پکار ہمیشہ محبت کی پکار ہوتی ہے۔ اس کی صدا زندگی کا پیام بن کر صدیوں ہماری راہیں منور کرتی ہے۔ آیئے! اس کی ردا اسے لوٹانے میں اپنا حصہ ڈالیں۔ یہ حوا کی بیٹی آپ سے عزت، محبت اور تحفظ مانگتی ہے۔ کیا آپ اپنا یہ کردار ادا کریں گے؟؟؟

یہ حجاب اب عالم میں انقلاب کا استعارہ بن چکا ہے۔ پہلے اسے پسماندگی کی علامت سمجھا جاتا تھا مگر اب انقلاب اور تبدیلی کی لہروں میں اسے ہر جگہ پر دیکھا جا سکتا ہے۔ انقلاب کے اس سفر میں حجاب کی بہار بھی ہر طرف آ گئی ہے۔ اس یوم حجاب پر معاشرے کے محروم طبقات جس میں خواجہ سرا بھی شامل ہیں، کو عزت و وقار فراہم کرنا ہمارا مشن ہے۔ کیا آپ اس میں ہمارا ساتھ دیں گے؟؟

یومِ حجاب! فلسطین اور کشمیر کے نام

رپورٹ 2019

رپورٹ 2019ء

اِس دفعہ کا یوم حجاب پشیمنہ دھاگوں کے دیس کشمیر اور انبیا ورسل کی سرزمین فلسطین کی بیٹیوں کے نام کیا گیا۔
فلسطین! زمین کے مشرق ومغرب کے مابین ٹکراؤ کا مرکز، ماضی کا نچوڑ اور آج کا ثبات واستقلال۔ کھجوروں کے جھنڈ میں مریمؑ کے صبر کا گواہ، شان وشوکت اور سطوت وفخر کا مینارہ۔ ہر عاشق حریت کی منزل مقصود، جس کی خوبصورتی اس کے تقدس کی تکمیل ہے، فلسطین اور کشمیر کی بیٹیوں سے اظہار یکجہتی کی خاطر حجاب مہم چلائی گئی۔

☆ ترکی کی تنظیم UKEAD، فلسطین کی تنظیم ''کلنا مریم'' اور حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی نے سوشل میڈیا پر ٹوئیٹر ٹرینڈ بنایا اور فیس بک اور واٹس ایپ گروپس پر حجاب کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

☆ پاکستان کے بڑے اخبارات میں اسپیشل ایڈیشنز چھپوائے گئے۔

☆ لاہور میں حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی کے زیر اہتمام ایک بڑا پروگرام منعقد کیا گیا۔

☆ کراچی یونیورسٹی میں طالبات کے ساتھ ایک پروگرام کیا گیا جس میں وائس چانسلر اور بیرسٹر محترمہ شاہدہ جمیل نے شرکت کی۔

☆ لبرٹی چوک لاہور میں حجاب کے حق میں ایک مظاہرہ کیا گیا۔

☆ Smile Again فاؤنڈیشن اور Depilex کی محترمہ مسرت مصباح کے ساتھ بھی حجاب مہم چلائی گئی۔

☆ ملائیشیا میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی یاد میں تقریبات میں حجاب کی تقریب بھی منعقد کی گئی۔ انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین کی صدر ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی کو انٹرنیشنل مسلم ویمن لیڈرشپ ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔

عالمی یوم حجاب 2019ء

☆ اس دفعہ عالمی یومِ حجاب کو کشمیر کی بہنوں اور القدس کی مرابطات کے نام کیا گیا، مقبوضہ کشمیر اور القدس کے پوسٹرز بنائے گئے اور عالمی کیمپین چلائی گئی۔

☆ ضلع لاہور کی طرف سے عالمی یوم حجاب کے موقع پر منعقد کروائے گئے پروگرام میں شرکت کی۔

☆ عالمی یوم حجاب کے حوالے سے ایک مضمون لکھا: عنوان: ''پشمینہ دھاگوں کے دیس کے خواب اور یوم حجاب''

پشمینہ دھاگوں کے دیس کے خواب اور عالمی یومِ حجاب

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

بڑی اداس ہے وادی
گلا دبایا ہوا ہے کسی نے انگلی سے
یہ سانس لیتی رہے، پر یہ سانس لے نہ سکے
درخت اُگتے ہیں کچھ سوچ سوچ کر جیسے
جو سر اُٹھائے گا پہلے وہی قلم ہوگا
جھکا کے گردنیں آتے ہیں ابر
نادم ہیں کہ دھوئے جاتے نہیں
خون کے نشاں ان سے
ہری ہری ہے، مگر گھاس اب ہری بھی نہیں
جہاں پہ گولیاں برسیں، زمیں بھری بھی نہیں
وہ مائیگریٹری پنچھی جو آیا کرتے تھے
وہ سارے زخمی ہواؤں سے ڈر کے لوٹ گئے
بڑی اداس ہے وادی، یہ وادی کشمیر

گلزار کے شعری مجموعے ''رات پشمینے کی'' سے نظم وادی کشمیر پڑھ رہی تھی اور ذہن میں ۴ ستمبر 2004ء کی یادیں جگمگا رہی تھیں کہ جب یورپ میں 11 ستمبر کے سانحے کے بعد شعائرِ اسلام کے ساتھ تعصب کی لہریں بڑھنے لگیں اور اسلاموفوبیا کے مہیب سیاہ بادل چھانے لگے تو لندن کے میئر ''لونگ اسٹون'' نے علمائے اسلام کی ایک عظیم الشان کانفرنس لندن میں منعقد کی اور اس کے آخر میں کانفرنس کے مہمان خصوصی علامہ یوسف القرضاوی نے 4 ستمبر 2004ء کو پہلی دفعہ عالمی یومِ حجاب کا اعلان کیا۔ پاکستان سے

حلقہ خواتین جماعت اسلامی نے اس کو بھرپور طریقہ سے منانا شروع کیا۔اس کے آغاز سے ہی جنگ اخبار نے عالمی یومِ حجاب کے خصوصی ایڈیشن کی اشاعت لازم کردی۔ جنگ اخبار کی دیکھا دیکھی تمام اخبارات اور ٹی وی چینلز نے اس کی کوریج کا اہتمام کیا۔

2019ء کا ستمبر، ستمگر بن کر طلوع ہوا ہے جب کشمیر میں خواب بُنتی بیٹیاں تاریخ کے انتہائی ظلم و جبر کے حالات کا شکار ہیں۔اُن کے حجاب نوچے جارہے ہیں اور اُن کے جسموں کو ادھیڑا جارہا ہے۔تاریخ انسانی میں ہندوستانی فوج جیسی بے حمیت فوج کسی نے نہ دیکھی ہوگی جو عورت کی بے حرمتی کو فوجی ہتھیار کے طور پر استعمال کررہی ہے۔

میں استنبول میں مسجد اقصیٰ کی چوکیدار خواتین جو بہت فخر سے اپنے آپ کو مرابطات کہتی ہیں، سے ملی تو اُن سے پوچھا کہ آپ کو اسرائیلی فوج اکثر گرفتار کرلیتی ہے، کیا کبھی کسی عورت کی بے حرمتی کے مرتکب ہوتے ہیں یہ اسرائیلی اہلکار؟؟ اُنھوں نے نفی میں جواب دیا کہ وہ قانون کے بھی پابند ہیں اور قانونی طور پر بھی اگر کوئی پولیس والا یا فوجی اس طرح کی حرکت کرے تو اُسے قانون کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مار پیٹ کرتے ہیں مگر انسانی شرف کا خیال رکھتے ہیں اور ویسے بھی اسرائیلی عورت پر ہاتھ اُٹھانے کو بہت معیوب سمجھتے ہیں۔مگر ہندوستانی فوج تو اس بے حمیتی کا شکار ہے کہ آئے دن اس طرح کی تصویریں سوشل میڈیا پر شائع ہورہی ہیں کہ انسان سر پٹختا رہ جاتا ہے اور اب تو ''ہریانہ'' کا مگرمچھ وزیر اعلیٰ بڑی بے شرمی سے اس بات کا اعلان کررہا ہے کہ کشمیری گوری عورتوں کو بیاہ کر لائیں گے۔اس بدصورت بھیڑیے کے لیے کسی نے بہت اچھا لکھا کہ اُس کو تو سانپ اپنی سپنی بھی نہ دے کجا کہ یہ کشمیری لڑکیوں کے خواب دیکھتا ہے۔

بھارت میں کوئی انسانیت نام کی قدر باقی نہ رہی، کیا کوئی سلیم العقل انسان ان بے لگاموں کو لگام دینے والا نہیں ہے؟؟ بارالہ کتنے پہر رہ گئی ہے رات؟؟ تیری خدائی میں ان ظالموں کو اتنی چھوٹ کیوں ملی ہے؟؟ عالمی یوم حجاب پر شام و فلسطین کے گھروں کے ملبوں پر بیٹھی باحجاب لٹی پٹی عورتیں ہوں یا اب کشمیر کی چیختی چلاتی بیٹیاں، ہم کس سے فریاد کریں اور کس کے ہاتھوں پر اپنا لہو تلاش کریں؟؟

علامہ محمد اقبال نے عورت کو کہا تھا کہ تم اپنے آپ پر بہت فخر کرو کہ اللہ نے تمھیں اپنی صفت تخلیق عطا کی ہے اور ہر خالق کو اپنی مخلوق کی حفاظت کے لیے حجابوں میں رہنا ہوتا ہے۔عورت خالق کی طرح حجاب میں ہو اور راز و نیاز میں زندگی بسر کرے تو اس کے صدف کا موتی پرورش پاتا ہے اور وہ جتنی چھپی اور اسرار کے پردوں میں رہے، اُتنی ہی باوقار اور معتبر بن جاتی ہے۔معاشرے میں حیا اور عفت و عصمت کا چلن عام ہوجائے تو عورت محفوظ رہتی ہے اور عورت کو عزت، محبت اور حفاظت کے حصار میسر ہوجائیں تو وہ ہر ناممکن کام کو ممکن کرجاتی ہے۔قومیں تبھی ترقی کی منازل طے کرپاتی ہیں جب اس کی عورت کو تحفظ کا ماحول ملے۔حفاظت کا جانفزا احساس عورت کے اندر قوت بھر دیتا ہے جو اسے ترقی کی شاہراہ پر گامزن رکھتا ہے۔

یومِ حجاب ہمیں اس عزم پر آمادہ کرتا ہے کہ عورت کا ہر روپ عزت، محبت اور حفاظت کے یہ تین حصار چاہتا ہے۔ ہر گھر میں عورت کو عزت ملے اور اسے حفاظت اور محبت کے حصار میسر ہوں تو وہ بہت اطمینان سے اپنی صلاحیتوں کے جوہر استعمال کر سکے گی۔

جنگ زدہ ماحول تمام انسانوں کے لیے بربادی کا پیغام بن کر آتا ہے مگر پشیمنہ دھاگوں سے بنتی خواب سجانے والی عورتیں تو وحشت زدہ ہو کر رہ جاتی ہیں۔ وہ نہ اپنی تخلیقی قوتوں کو بروئے کار لا پاتی ہیں اور نہ اپنی نسلوں کی تربیت کر پاتی ہیں۔

21 ویں صدی کے یہ لمحے انسانوں کو پکار رہے ہیں کہ اپنی آئندہ نسلوں کی تربیت اور حفاظت کے لیے اپنی عورتوں کے سروں پر چادریں رہنے دو۔ ان کی آنکھوں میں خواب سجنے دو اور انھیں اپنی تخلیق کی حفاظت پر مامور رہنے کے لیے عزت و اکرام اور پر امن ماحول سے بھی نوازو۔

اگر پندے زدرویشے پذیری
ہزار امت بمیرد تو نہ میری
بتولےؓ باش و پنہاں شو ازیں عصر
کہ درآغوش شبیرے بگیری

اقبالؒ

اس عالمی یومِ حجاب پر اقبال ہمیں نصیحت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اگر اس درویش کی نصیحت کو پذیرائی بخشو تو ہزار اقوام نیست و نابود ہو جائیں مگر تمھیں زوال نہ آئے۔ حضرت فاطمہؓ کی طرح بن جانا اور اس زمانے کے فتنوں سے چھپ جاؤ کہ تمہاری گود میں پھر سے ایک حسینؓ پیدا ہو جائے۔

''حجاب کے رنگ''

زبیر منصوری

یہ بس دوگز کا کپڑا ہی رہتا اگر فرانس تہذیبی یلغار کرتے ہوئے اسے 2003 کے 4 ستمبر کو اپنی تہذیب کو خطرہ قرار دے کر اس سے سر ڈھانپنے پر پابندی نہ لگاتا۔ پابندی لگی تو قطر کے علامہ یوسف القرضاوی اور پاکستان میں قاضی بابا کی دوررس نگاہوں نے اس کے پھیلتے اور گہرے ہوتے ہوئے اثرات کو بھانپ لیا انہوں نے اس دن کو یوم حجاب کے اپنے حصہ کا چراغ جلا دیا اس دن سورج کے سامنے ٹمٹماتے دیئے نے کہا میں غزنوی اور ابدالی کا بیٹا، میں سلجوق ترک نسل کا چشم و چراغ، میں تمہاری تہذیبی یلغار روکنے کی کوشش کروں گا جب تک جیا میں مزاحمت کروں گا، جب رخصت ہوا تو قاضی کے بیٹے اور بیٹیاں اپنی اس دوگز کپڑے کی آن بان قائم رکھیں گے۔

میں نے خود دیکھا تھا کہ قاضی بابا ستمبر کے ان دنوں میں ایک ایک اخبار کے دفتر، ایک ایک ٹی وی چینل کو خود فون کر کے اس دن کے لئے درخواست کرتا تھا، سیمینار اور جلسے کرواتا تھا، خود کو کھپاتا تھا، بلآخر اس نے اس دن کو عالمی سطح پر ایک دن کے طور پر منوالیا، جماعت اسلامی خواتین نے جم کر جدوجہد کی اور حجاب کا دن دوگز کے کپڑے کی حرمت اور شرف ووقار کا دن بن گیا۔

اب یہ دن مزاحمت کی علامت ہے ہر اس شخص کے لئے جسے اپنی تہذیبی علامتوں سے پیار ہے۔

میں ان ساری بہنوں بیٹیوں اور ماؤں سے اپیل کروں گا جو سر ڈھانپتی ہیں جن کو اس دوگز کپڑے سے پیار ہے کہ وہ حجاب کے اس پیغام کو چند دوسری بہنوں تک ضرور پہنچائیں۔

تہذیبیں اپنے برتنے والوں کے ہاتھوں جیتی یا پھر سسک سسک کر مر جاتی ہیں۔ یہ روایت ان شاالله جئے گی، صدیوں جئے گی اور ثابت کرے گی کہ پابندیاں تہذیبوں میں مزاحمت پیدا کرتی ہیں، انہیں شکست نہیں دیتیں!

بیٹیو!

تم تہذیب غالب کی تیز ہواؤں کی زد میں ہو اور کوئی پناہ گاہ نہیں۔

میری بچیو!

دشمن کو تمہاری آزادی نہیں درندوں کا چارہ درکار ہے اس لئے وہ تمہیں تمہاری محفوظ پناہ گاہوں سے نکال لانا چاہتا ہے۔

میری عزیزو!

مچھلی اور شکاری کے درمیان مقابلہ میں چارہ، ڈور، فشنگ راڈ سب دراصل شکاری کی ملکیت اور اس کے" ٹولز" ہیں اور مچھلی تنہا بھی ہے معصوم بھی اور شارکس کے کھلے سمندر میں غیر محفوظ بھی، اس کی زندگی بس اپنے غول کے ساتھ سمٹ کر رہنے ہیں ہے۔

دختران اسلام!

تمہیں بہلا نہ دیں یہ خوشنما جال

دیکھو درندے قہقہے لگاتے اور کہتے ہیں کہ اگر لڑکیوں سے کہو کہ ان کو جھوٹی تعریف کر کے بے وقوف بنایا جا سکتا ہے اور پھر ان کی تعریف کرو تو وہ پھر بے وقوف بننے کو تیار ہو جاتی ہیں۔

امی عائشہؓ کی پیاریو!

یہ دنیا علامتوں کی دنیا ہے اور تمہارا یہ خوبصورت نقاب اور حجاب تمہاری شناخت اور انفرادیت کی علامت ہے اور بے حجابی کسی دوسری تہذیب کی شناخت و علامت دشمن چاہتا ہے تم سے تمہارا تعارف چھین لے اور فیشن اور ماڈرنزم کے نام پر تمہیں اپنی شناخت دے دے تو کیا تم کسی دوسرے کے خیالات کی اترن پہن لوگی؟

سیدہ فاطمہ، اور کلثوم رض کی شہزادیو!

تمہیں اس قوم نے پالا ہے آغوش محبت میں

کچل ڈالا تھا جس نے پاوں میں تاج سردارا

تم محمد بن قاسم کی بہنیں

تم طارق بن زیاد کی بھتیجیاں

تم خالد بن ولید رض کی بیٹیاں

تم موسی بن نُصیر کی چہیتی ہو

اچھی بیٹیو!

تم بوڑھے باپ کے سفید بالوں کا مان ہو، تم بھائیوں کی عزت کی علامت ہو، تم ماوں کے دلوں کی ٹھنڈک ہو تم خود عزت و وقار کی علامت اور شرف ہو دیکھو دشمن نے ہمارے اندر نقب لگا کر ''ایڈووکیسی'' اور حقوق کے نام پر ہمارے خاندانی نظام کے حسین وجود کو گندے کالے چولے پہنا کر بدنما کر کے پیش کر دیا ہے تہذیب کے محافظ جنہیں بننا تھا انہیں معمولی جھگڑوں میں پھنسا کر معاش کی

جکڑ بندیوں میں ڈال کر الجھا دیا ہے اب تمہیں خود کو خود بچانا ہے اپنے عزت وشرف کی اوڑھنیوں حجابو اور نقابوں کو اپنا اعزاز بنا کر ایسے اپنی بہنوں کے سامنے پیش کرنا ہے کہ یہ ان کے دلوں کو چھو لے انہیں اپنی گرفت میں لے لے انہیں پھر سے اسلام کے سایہ میں لے آئے جوان کی پہلی اور آخری پناہ گاہ ہے۔

تم یہ کروگی؟

تم مایوس نہیں کروگی؟

تم عقل، ذہانت، اخلاق اور نرمی کی قوت سے دشمن تہذیب کو شکست دوگی؟

مجھے یقین ہے اللہ تم سے اپنی تہذیب کی حفاظت کا کام لے گا۔

ان شاءاللہ

تاجِ زریں

عراقی کردستان کے ضلع حلبجہ سے تعلق رکھنے والی ان 1357 بچیوں نے اپنی مرضی سے حجاب لینے کا فیصلہ کیا۔ جب دنیا میں بے حیائی کا دن منایا جارہا تھا تو کردستان کی طلبہ تنظیم نے عفت کی چادر اوڑھنے والی ان بچیوں کے لئے ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا اور انہیں تاج پہنایا گیا۔ جسے مقامی زبان میں ''تاجی زیرین'' یعنی زریں تاج کا نام دیا گیا ہے۔ اس لئے اس تقریب کا نام بھی تاج زیرین رکھا گیا۔ گو کہ وہ تاج سونے کا نہیں بنا، مگر حیا کی قدر و قیمت خاتون کیلئے سونے سے کہیں بڑھ کر ہے۔ مذکورہ تنظیم گزشتہ دس سال اپنی مرضی سے حجاب لینے والی بچیوں کے اعزاز میں اس طرح کی تقاریب کا اہتمام کرتی ہے۔ تاہم ابتدا میں اسے اتنی پذیرائی نہیں ملی تھی۔ اب سوشل میڈیا میں اس مثبت سرگرمی کو خوب سراہا جارہا ہے۔ (الجزیرہ)

''حجابیز!''

معاشرے کی شناخت بنتی جارہی ہیں، ''حجاب'' کو کچھ ذہین دماغوں نے اس طرح سلیقہ سے متعارف کروانا شروع کیا ہے کہ وہ وقار اور اعتبار کا خوبصورت اظہار بنتا جارہا ہے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل میں ''پرل'' سے زیادہ قیمتی اور انمول بیٹیوں اور بہنوں کو نہایت دلکش اور حجاب کے شایان شان ماحول میں جمع کرنا ان کے لئے رنگوں روشنیوں سے منور پراثر سا ''گالا'' سجانا پھر انہیں وہاں محفوظ، صاف ستھرے اور نہایت معیاری ماحول میں خوب انجوائے کرنے کا موقعہ فراہم کرنا بہت خوبصورت آئیڈیا ہے۔

ننھی بچیاں جب اپنے رنگ برنگے اسکارفس اور اوڑھنیوں سے خود کو ڈھانپے تتلیوں کی طرح ادھر ادھر آڑتی پھرتی نظر آتی ہیں تو امید پھر سے یقین مین ڈھلنے لگتی ہے کہ اگلی نسل رب رحمان ہی کے فرمانبرداروں کی اٹھان پائے گی، ان شاءاللہ

پینٹنگز، ترانے پریزینٹیشنز، اور سجا سنورا سا پورا ماحول بیٹیوں اور بہنوں میں اعتماد پیدا کرتا ہے اور وہ لوٹتے ہوئے حیا و حجاب پر بڑھا ہوا مان ساتھ لے کر جاتی ہیں اس طرح کے پروگرامات دین، دینی اقدار، اور دین پسندوں کا شرف بڑھاتے ہیں ضرورت اس بات کی ہے کہ دیگر دینی پروگرامات کو اتنا پرکشش اور جاذب نظر بنا دیا جائے کہ دل ان کی طرف کھنچا چلا آئے۔

شاباش حلقہ خواتین جماعت اسلامی

شاباش انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین

چھ سال کی عنایہ چند دن پہلے بچیوں کے لئے حلقہ خواتین کراچی کے ایک خوبصورت پروگرام سے لوٹی تو میں نے پوچھا

پیاری بیٹی وہاں کیا اچھا لگا؟

کہنے لگی تایا ابو ایک باجی نے بتایا، حیا کیا ہوتی ہے

میں نے دلچسپی سے پوچھا، اچھا ہمیں بھی بتاؤ

جھٹ بولی حیا یہ ہے کہ لڑکے اور لڑکیاں اپنا خیال رکھیں اور ایک دوسرے کا احترام کریں۔

مجھے اتنی خوشی ہوئی کہ میں نے اسے لپٹا لیا اور پیار کیا کہ شاباش یہ تو بڑی اچھی بات سیکھ کر آئی ہو

اب وہ اس پیمانے پر حیا و حجاب پرکھتی رہتی ہے

شکریہ نامعلوم باجی

جنہوں نے اس روز ماڈل کالونی میں سینکڑوں بچیوں کے ذہنوں میں آسانی دلچسپی اور محبت سے کچھ اچھے سانچے بنا دیئے۔

کبھی کبھی میں بھائی سے ایسے ہی مذاق میں بولتی ہوں، کہ میں حجاب نہیں کرونگی، پھر اچانک سے آواز آتی ہے، اس حلیے میں جانا ہے تو میں ساتھ نہیں لے جا سکتا ''گھر بیٹھو آرام سے، اور پھر میں دھیما سا ہنس دیتی ہوں اور اچھے سے حجاب کرتی ہوں'' کیوں کہ مجھے اپنے بھائی کی موٹی سی ناک پر غصہ بہت اچھا لگتا ہے ''اور پھر سارے راستے اسکو مناتی جاتی ہوں'' وہ نہیں جانتا میرا غرور ہے اسکا غیرت بھرا ہر لفظ، ''میرا فخر ہے اسکے کندھے پہ رکھا میرا ہاتھ'' مجھے اچھا لگتا ہے، جب ڈور بیل بجتی ہے تو میرے اٹھنے سے پہلے وہ مجھے ''گھورتا ہوا دروازے کی طرف چلا جاتا ہے'' میرا کُل اثاثہ ہے اسکا میرے لیے فکرمند ہونا۔

اچھی بیٹیو!

تم بوڑھے باپ کے سفید بالوں کا مان ہو، تم بھائیوں کی عزت کی علامت ہو، تم ماؤں کے دلوں کی ٹھنڈک ہو تم خود عزت و وقار کی علامت اور شرف ہو، دیکھو دشمن نے ہمارے اندر نقب لگا کر ''ایڈووکیسی'' اور حقوق کے نام پر ہمارے خاندانی نظام کے حسین وجود کو

گندے کالے چولے پہنا کر بدنما کر کے پیش کر دیا ہے تہذیب کے محافظ جنہیں بننا تھا انہیں معمولی جھگڑوں میں پھنسا کر معاش کی جکڑ بندیوں میں ڈال کر الجھا دیا ہے اب تمہیں خود کو خود بچانا ہے اپنے عزت و شرف کی اوڑھنیوں حجابوں اور نقابوں کو اپنا اعزاز بنا کر ایسے اپنی بہنوں کے سامنے پیش کرنا ہے کہ یہ ان کے دلوں کو چھو لے انہیں اپنی گرفت میں لے لے انہیں پھر سے اسلام کے سایہ میں لے آئے جوان کی پہلی اور آخری پناہ گاہ ہے۔

تم یہ کرو گی ناں؟

تم مایوس نہیں کرو گی ناں؟

تم عقل ذہانت اخلاق اور نرمی کی قوت سے دشمن تہذیب کو شکست دو گی ناں؟

مجھے یقین ہے اللہ تم سے اپنی تہذیب کی حفاظت کا کام لے گا

ان شاءاللہ

پیاری پیاری بیٹیوں کو اسکارف اور حجاب میں لپٹا باوقار انداز سے چلتا پھرتا دیکھتا ہوں تو دل میں خوشی کی لہر دوڑ جاتی ہے، بلیک، وائٹ، پاکستانی، ٹرکش مختلف رنگوں اور ڈیزائن کے عبایہ مختلف رنگوں کے مختلف شیڈز کے خوبصورت اسکارف پہنے کہیں یونی ورسٹی میں تو کہیں راستے میں کہیں بچیوں کے کسی پروگرام میں تو کسی ورکشاپ میں انہماک سے بات سنتیں، کسی بات پر مسکراتیں، کوئی سوال کرتیں یا خود کسی ڈسکشن میں حصہ لیتیں یہ حوا کی بیٹیاں یہ امی عائشہ رض کی پیاری بچیاں مجھے آقاص کے گلشن کی کلیاں معلوم ہوتی ہیں۔

دجال کے عہد میں امہات المومنین رض اور سیدہ فاطمہ رض کی سیرت سے رہنمائی کشید کرتیں سروں کو ڈھانپتیں، زینتوں کو چھپاتیں، خود کو حیا و حجاب کے رنگوں سے مزین کرتیں یہ بچیاں اسلامی معاشرے کی علامتیں ہیں، یہ تیزی سے پھیلتے بے حیائی کے سونامی کے سامنے ہماری تہذیبی روایت کے بند ہیں، یہ چلتے پھرتے روشنی کے چھوٹے چھوٹے مینار ہیں، یہ اس دور میں کہ جب سر چادروں اور جسم لباسوں سے محروم ہو رہے ہیں میرے نبی ص کی سنتوں کو تازہ کر کے شہیدوں کے اجر پانے والی بنات اسلام ہیں،

بیٹیو! میری عزیز بیٹیو!

وہ دیکھو طوفان چڑھا چلا آ رہا ہے اور اس نے عورت کو اپنا ہراول دستہ بنا لیا ہے وہ دیکھو شیطان کے ماہر نفسیات فیشن ڈیزائنرز، ڈرامہ رائیٹرز، پروڈیوسرز، ایکٹرز اور میڈیا ایکسپرٹس نے نبی مہربان ص کے عطا کردہ مضبوط حصاروں کی تعریف بدل کر تمہاری حفاظت کے حصار کو تمہارے سامنے قید خانہ بنا کر پیش کر دیا ہے۔

وہ تمہیں آزادی کے دھوکہ میں ڈال کر تم سے تمہاری مضبوط ڈھالیں چھین لینا چاہتا ہے۔
تمہیں اچھا لگنے، اور اچھا لگنے کی دوڑ میں لگا کر تمہاری معصومیت، تمہاری اور ٹیکنیلٹی، تمہارا وقار چھین لینا چاہتا ہے
میری بچیو!
وہ تمہاری نظروں کو وقتی چمک دمک سے خیرہ کر کے تمہاری نسل کو شوکیس کا مال بنا دینا چاہتا ہے۔
وہ درندوں کے پٹے کھول چکے اور تمہارے گھر کے مضبوط حصاروں اور محرم رشتوں کی پناہ گاہوں سے نکال کر تمہیں ان کا تر نوالہ بنا دینا چاہتا ہے۔
میری عزیز بیٹیو!
عقلمند وہی ہوتا ہے جو دوسروں کے تجربوں سے سیکھ کر خود کو بچا لیتا ہے کیونکہ کچھ تجربے ایسے ہیں جن کے بعد پھر انسان کے پاس بچانے کے لئے کچھ بچتا ہی نہیں۔۔۔!
میری بچیو!
حجاب ڈے کا پیغام یہی ہے کہ لباس سے لے کر سوچ اور خیالات تک کے حجابوں کو برقرار رکھنا، اسی میں تمہارا بھلا ہے۔
خوش رہو
عافیت پاؤ
قدر دان لوگ عطا ہوں
یہ تصویر جب بھی دیکھتا ہوں ایک خیال ذہن کے پردے پر چپک جاتا ہے، جی چاہا آپ سے بلکہ خاص طور پر اپنی بہنوں سے بلکہ بہنوں میں سے بھی ان بہنوں اور بیٹیوں سے شیئر کروں جو دن رات اللہ کے دین کے لئے دوڑ دھوپ میں لگی رہتی ہیں اگر دل چاہے تو اپنے بھائی کی اس خواہش کو پورا کر دیجئیے گا نہیں تو کوئی بات نہیں۔۔۔۔
جی چاہتا ہے جیسے اس تصویر میں حکم الٰہی کی پابند ایک بہن خود کو حجاب میں ڈھانپے سکون کے ساتھ باوقار انداز سے اپنی ایک ایسی دوست کے ساتھ بیٹھی ہے جو اس کا بالکل الٹ ہے کاش ہماری نظریاتی بہنوں کی بھی ایسی ہی بہت سی دوستیں بن جائیں معاشرے کے اس طبقے سے تعلق رکھنے والی جن کے لئے یہ بے حیائی و بے لباسی نہیں بس ''لائف اسٹائل'' ہے اس لئے کہ بچپن سے ان کے ماحول نے انہیں یہی سکھایا ہے، جنہیں حیا اور شرعی حدود کا سبق کسی نے دیا ہی نہیں، وہ بچیاں اور بہنیں جن کا تصور دین بس اتنا سا ہی ہے کہ ہم مسلمان ہیں اور کوئی کچھ بھی ہو سکتا ہے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا یہ خواتین جنہیں اللہ اور اس کے رسول کی میٹھی محبت کا

ذائقہ کسی نے چکھایا ہی نہیں انہیں ان کی پیاری سی تہذیب سے جوڑنے کے لئے کسی نے ان کی زبان میں ان کے انداز اور دلائل کے ساتھ ان کے ظاہر نہیں اندر کو پیار بھری نظر سے مسخر ہی نہیں کیا۔۔۔

کاش کوئی اٹھے اور اپنے اردگرد موجود معاشرے کے ان طبقوں تک پہنچے،

پہلے دل سے دل کا تعلق جوڑے

پہلے ماحول ہم اواز کرے

پھر نغمہ کا آغاز کرے

پہلے انہیں یہ احساس دلائے کہ تم ہم جیسی ہو ہماری بہنیں ہو ہمیں عزیز ہو ہم مل سکتے ہیں بیٹھ سکتے ہیں بات کر سکتے ہیں دوست بن سکتے ہیں۔۔۔

کوئی بہن؟ کوئی بیٹی؟ کہیں کسی جگہ؟ کسی یونیورسٹی میں؟ کسی محلے میں؟

امی عائشہؓ بہت پیار سے آپ کی منتظر ہوں کی ان شاءاللہ

حجاب، نوجوان اور سماجی رویے

رپورٹ 2020

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

25.8.2020

محترم سراج الحق صاحب!
امیر جماعتِ اسلامی پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

رب رحمٰن سے آپ کے ایمان وصحت کی سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ!
دو دہائی قبل اس نئے ہزاریے کے آغاز میں ہی اسلام اور اسلام کے شعائر کے ساتھ تعصب دنیا میں بڑھتا چلا گیا، حجاب، داڑھی، ٹوپی، مسجد کے مینار غرض ہر وہ چیز جو اسلام کے ساتھ وابستہ تھی، اس کو نفرت کا نشانہ بنایا گیا۔ یورپ میں ۲ ستمبر 2003 سے ایک گز کا کپڑے کا ٹکڑا اتنا طاقتور بن گیا کہ کبھی اس کے خلاف قوانین بنائے گئے، کبھی عدالتوں میں بحث کا نشانہ بنا اور کبھی اس کی خاطر مسلمان عورتوں نے اپنی شہریت چھوڑی اور حتیٰ کہ جان کی قربانی بھی دی گئی۔ ایسے میں جولائی 2004 میں لندن کے میئر لونگ اسٹون نے دنیا بھر کے علماء کو ایک کانفرنس میں دعوت دی اور علامہ یوسف القرضاوی کی قیادت میں پہلی دفعہ 4 ستمبر 2004 کو عالمی یومِ حجاب منانے کا اعلان کیا گیا۔
پاکستان سے اس حجاب تحریک کی سرپرستی جماعتِ اسلامی کے اس وقت کے امیر قاضی حسین احمدؒ نے کی اور حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی نے معاشرے کے تمام افراد کو لے کر اس دن کو معاشرے میں اخلاقی اقدار کو فروغ دینے کے لئے استعمال کیا۔ میڈیا نے بھی ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کیا اور پاکستان کے بیشتر چھوٹے بڑے اخبارات نے اس دن خصوصی ایڈیشنز نکالے۔
2008ء سے پرل کانٹی نینٹل ہوٹلز کے روح رواں اور ہاشوفاؤنڈیشن کے سرپرست محترم صدرالدین ہاشوانی صاحب نے ہر سال ہماری بھرپور معاونت کی اور پاکستان میں اپنے ہوٹلز کے دروازے ہمارے لیے کھولے رکھے۔
ہر سال ہم یومِ حجاب کو عورت کے تحفظ کی علامت کے طور پر مناتے ہیں۔ اس سال جبکہ پوری انسانیت کی ترقی کا راز ایک نظر نہ آنے والے جرثومے نے فاش کر دیا ہے۔ تمام دنیا جیسے رک گئی ہے اور مسلمان عورت کے نقاب کو جس طرح نشانہ تضحیک بنایا گیا،

اس کا جواب پوری انسانیت کو ماسک پہنا کر دے دیا گیا ہے۔ اس آزمائش کے بعد کوئی مسلمان عورت کو حجاب و نقاب کی وجہ سے تعصب اور تمسخر کا نشانہ نہیں بنا سکے گا۔

اس سال وطن عزیز میں خواتین صحافیوں کے خلاف بھی بہت توہین آمیز مہم چلائی جا رہی ہے۔ جماعتِ اسلامی کا دامن تمام تر کرپشن، چاہے وہ مالی کرپشن ہو یا اخلاقی کرپشن، ہر طرح کی آلودگی سے صاف ہے۔ ہم معاشرے میں عورت کے مقام کا تحفظ چاہتی ہیں۔ چاہے وہ صحافی ہوں یا ورکنگ ویمن، سیاسی شخصیات ہوں یا سماجی، عورت کو بھی اپنے وقار کا احترام کرنا چاہیے اور معاشرے کو بھی اس کے احترام میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرنا چاہیے۔

ہم اس سال یومِ حجاب کے موقع پر گزشتہ 15 سالوں کے پروگراموں کو نئے انداز میں پیش کرنے جا رہے ہیں اور اس عرصے میں ہمارے پاس جتنا مواد جمع اور نظروں سے اجھل تھا اُسے معاشرے کے سامنے لانا چاہ رہے ہیں۔

☆ ہر سال کی طرح P.C لاہور میں 4 ستمبر کو دو پروگرام کر رہے ہیں۔ ایک حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی کے زیر اہتمام اور ایک دانش گاہوں کی معاونت سے منعقد کیا جائے گا۔

☆ ہم نے حجاب کے متعلق ۳ ایک ایک منٹ کے اشتہار بنائے تھے۔ ان کو دوبارہ پیش کر رہے ہیں۔

☆ 3 ترانوں کو ازسرنو ایڈٹ کر کے تیار کر رہے ہیں۔

☆ ''شوبز سے حجاب تک'' 3 اداکاراؤں کے حجاب کی جانب سفر کو پیش کر رہے ہیں۔

☆ حجاب کی تاریخ، حجاب تہذیب ہے اور حجاب کے حوالے سے علامہ اقبال کی نظم کے نام سے 3 ویڈیو کلپس تیار کئے گئے ہیں۔

☆ یومِ حجاب کے آغاز پر محترم قاضی حسین احمدؒ کی ایک تقریر جو قوار یر فیشن کے افتتاح کے موقع پر کی گئی تھی، کو تیار کر رہے ہیں۔

☆ 2004ء سے 2020ء کے درمیان 15 سالہ کارکردگی رپورٹ تیار کر رہے ہیں۔

☆ کووڈ 19 کے تناظر میں ایک حجاب کا ویڈیو کلپ تیار کر رہے ہیں۔

☆ 2017ء میں جنیوا میں ہیومن رائٹس کمیشن کے اجلاس میں صحافی عائشہ غازی نے IMWU کی خواتین راہنماؤں سے حجاب کے بارے میں تاثرات کا ایک ویڈیو کلپ تیار کیا ہے۔ اسے بھی سوشل میڈیا پر پوسٹ کر رہے ہیں۔

☆ سوشل میڈیا پر ان سب مصنوعات کی ایک مہم ڈیزائن کر رہے ہیں۔

☆ درج ذیل سترہ اداروں کے تعاون سے پہلی دفعہ ایک بڑی حجاب مہم لانچ کر رہے ہیں۔

- اسلامی نظریاتی کونسل
- ویمن ڈیولپمنٹ پنجاب

- حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی
- سکیلرز انٹرنیشنل
- انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین
- کلنا مریم
- دخترانِ پاکستان
- پیغامِ پاکستان
- پنجاب یونیورسٹی
- اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد
- لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی
- یونیورسٹی آف لاہور
- سپیریئر یونیورسٹی
- گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد
- گورنمنٹ کالج یونیورسٹی سیالکوٹ
- لیڈز یونیورسٹی
- دارِارقم فاؤنڈیشن

☆ ان سترہ اداروں کے تعاون سے تعلیمی اداروں میں طلبہ اور طالبات کے بگڑتے ہوئے اخلاقی کردار، صحافی خواتین کے ساتھ توہین آمیز رویوں اور میڈیا کے اشتہارات میں عورت کے استحصال کے خلاف فورم رکھے جا رہے ہیں۔

☆ جنگ کے سنڈے میگزین کے لیے حجاب کے اسپیشل ایڈیشن میں معاونت کی گئی ہے۔

☆ حجاب کے اسٹیکرز بنائے گئے ہیں۔

☆ عالمی یومِ حجاب کے موقع پر اسپیشل سکارف، مگ، بک مارک، وش کارڈ اور گفٹ بیگ بھی تیار کر رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حیا اور حجاب پر مبنی ایک معاشرے کی تشکیل میں بھرپور کردار ادا کرنے کی توفیق عطا کرے اور ہماری سعی و جہد کو قبول کر کے ہم سے راضی ہو جائے۔

والسلام

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

ڈائریکٹر امورِ خارجہ حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی پاکستان

کاپی برائے: محترمہ دردانہ صدیقی صاحبہ

سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی

انٹرنیشنل حجاب ویبینار

رپورٹ 2020ء

انٹرنیشنل حجاب ویبینار رپورٹ 2020ء

میں ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی اپنی تین ساتھی میزبانوں، سعودی عرب سے رومانہ، میمونہ اور کیلی فورنیا سے بشریٰ کے ساتھ آپ کو اس ویبینار میں 31 ملکوں کے 42 مقررین کی بات پہنچائیں گے۔ یہ ویبینار تین زبانوں میں پیش خدمت ہے۔ اردو، عربی، اور انگریزی ۔ مجھے وہ زمانہ یاد آرہا ہے جب میری ایک بہن مروہ قوانچی کوتر کی میں حجاب کی وجہ سے پارلیمنٹ کی شہریت سے محروم اور ملک بدر کر دیا گیا۔ میری ایک اور بہن مروہ الشربینی کو جرمنی کی بھری عدالت میں شہید کر دیا گیا۔ ہمارے ایک عزیز دانشور شاہنواز فاروقی نے بڑی اچھی مثال سے واضح کیا کہ حجاب ڈارون کا بندر تو نہیں مگر جتنا اس حجاب کے کپڑے نے ترقی کی ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔ پہلے مرحلے پر اسے مسلمان عورت کی پسماندگی کی علامت سمجھا گیا کہ ان عورتوں کو آتا جاتا کچھ ہے نہیں تو منہ نہ چھپائیں تو اور کیا کریں؟؟ پھر اس کو مردوں کے جبر کا اور Male Chauvinism کا استعارہ سمجھا جانے لگا کہ مسلمان مردوں کو مزہ آتا ہے کہ یہ عورتوں کو بند کریں، اور اپنا جبر مسلط کریں اور پدرشاہی کے نظام کو پذیرائی دیں۔

پھر اس کو رفتہ رفتہ Political Narrative بنا دیا گیا۔ اور پھر اس political narrative کو Cultural narrative میں بدلا گیا کہ یہ ایک تہذیبی بیانیہ ہے اور اسی بیانیے کو بڑھا کر پیش کیا جا رہا ہے، مگر اللہ کو کچھ اور منظور تھا۔ covid-19 کے نظر نہ آنے والے جرثومے نے دنیا کو بدل کر رکھ دیا ہے۔

انسانی ترقی کا سارا پہیہ رک گیا ہے اور پوری انسانیت کو اللہ تعالیٰ نے نقاب اوڑھا دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک انصاف پسند مغربی جرنلسٹ چیخ چیخ کر دہائی دے رہا تھا کہ ہمیں مسلمان عورتوں سے معافی مانگنی پڑے گی جب ہم ان کو بہت زیادہ طعن و تشنیع کا نشانہ بناتے تھے، ان کا مذاق اڑاتے تھے، کبھی ہم کہتے تھے کہ اس نقاب کی وجہ سے ہم communicate نہیں کر سکتے جب تک ہمیں چہرہ نظر نہیں آتا ہمیں ان کی بات سمجھ نہیں آتی۔ اللہ تعالیٰ نے اس ماسک کے ذریعے سے پوری دنیا کو یہ ثابت کر دیا کہ یہ حجاب انسانوں کی حفاظت کے لیے بہترین طریقہ ہے اور مسلمانوں کا life style انسانی زندگی کے لیے بہت مفید ہے۔ ہاتھ نہ ملانا یعنی Social Distansing انسانی صحت کے لیے لازم قرار پایا ہے۔

اب آتے ہیں عالمی یوم حجاب کی تاریخ کی طرف، یہ 2003ء ستمبر کی بات ہے کہ جب فرانس میں نقاب کے اوپر پابندی عائد ہوئی اور پھر حجاب کے لیے پورے یورپ میں تعصب کی ایک لہر چلی۔ تو لندن کے ہی ایک Non-Muslim میئر Livingstone نے

مسلمان علما کی کانفرنس بلوائی۔اس کانفرنس میں علما نے 4 ستمبر 2004 کو انٹرنیشنل حجاب ڈے کا اعلان کیا۔میرے والد محترم قاضی حسین احمد اس وقت جماعت اسلامی کے امیر تھے، انھوں نے حلقہ خواتین جماعت اسلامی کے تعاون سے اس دن کو پاکستان میں بھرپور طریقے سے منانے کا آغاز کیا۔اور اس دفعہ 4 ستمبر ایسے حالات میں آرہا ہے کہ ہم کرونا کی وبا سے گزر رہے ہیں۔اور کرونا نے حجاب کی ہماری زندگیوں پر مثبت اثرات کو واضح کر دیا ہے۔کچھ عرصے قبل امریکہ کے مشہور ریسرچ سینٹر PEW نے مسلمان ملکوں میں حجاب کے متعلق ایک سروے کیا تو پاکستان کے متعلق جو تحقیق ثابت ہوئی وہ یہ ہے کہ 98 فی صد پاکستانی حجاب کے کسی نہ کسی صورت کے حامی ہیں، 32 فی صد نقاب والے برقعے، 31 فی صد چادر، 24 فی صد سکارف، 8 فی صد دوپٹہ، 2 فی صد افغانی ٹوپی والا برقعہ پہننے اور صرف 2 فی صد افراد وہ ہیں جو دوپٹے کو ضروری نہیں سمجھتے۔

اس لیے ہم نے عالمی یوم حجاب پر حجاب رحمت اور تحفظ کا شعار دیا ہے۔اور اس کے ساتھ ساتھ ہم نوجوانوں کے سماجی رویوں پر بھی بات کر رہے ہیں کہ نظام اخلاق و کردار قوموں کی زندگی میں کتنی بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ہمارا مقصد عورت کے تحفظ کو اہمیت دینا ہے۔اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں حجاب کے احکام کا آغاز مردوں سے کیا گیا ہے۔سورہ احزاب اور سورہ النور دونوں میں مردوں سے پہلے خطاب کیا گیا ہے۔اس لیے ہم حجاب کو پورے معاشرے کے لیے حیا، اخلاقی کردار اور تحفظ کا نظام سمجھتے ہیں۔عورت اور مرد ایک دوسرے کے رفیق اور معاون ہیں، فریق اور مخالف نہیں۔کرونا کی وبا کی وجہ سے کانفرنسز کا انعقاد مشکل ہو گیا ہے اس لیے اللہ نے سوشل میڈیا کے اس دور میں ہمیں آن لائن رابطے کی سہولت سے نوازا ہے۔ہم ایک دوسرے سے جسمانی طور پر دور سہی لیکن دل آپس میں جڑے ہوئے ہیں۔میری یہ تینوں بہنیں مختلف زبانوں میں آپ کو دنیا کے مختلف شہروں سے مربوط کرنے کی منتظر ہیں۔میں آپ کے اور ان کے درمیان مزید حائل نہیں رہنا چاہ رہی۔بس آپ کو کچھ بہنوں کے ناموں کا تعارف کرائے دیتی ہوں۔

اس ویبینار کی صدارت محترمہ دردانہ صدیقی سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان کر رہی ہیں 31 ممالک کی 42 مندوبین کے نام درج ذیل ہیں۔میں ان سب کی شکر گزار ہوں کہ اپنی تمام تر گوناگوں مصروفیات کے باوجود اس اہم ویبینار میں شریک ہیں۔

1) دردانہ صدیقی	(پاکستان)	5) حاجہ ممتاز ناوی	(ملایشیا)
2) ڈاکٹر کوثر فردوس	(پاکستان)	6) ڈاکٹر رابعہ یلماز	(ترکی)
3) ڈاکٹر رخسانہ جبین	(پاکستان)	7) رومانہ عمر	(سعودی عرب)
4) ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی	(پاکستان)	8) میمونہ حمزہ	(سعودی عرب)

9) ڈاکٹر سارہ (سعودی عرب)

10) اسماء فاطمہ پشوتی (اٹلی)

11) شازیہ طاہر (اٹلی)

12) یاسمین بلقیس (کینیا)

13) ثمینہ رضوان (ناوروے)

14) حلیمہ ہود (نیوزی لینڈ)

15) منصورہ مریم (آسٹریلیا)

16) ایمی ہوجہ (آسٹریلیا)

17) روبی خان (جاپان)

18) صباء خان (جاپان)

19) ہند محمد المطوع (قطر)

20) ختام (لبنان)

21) فاطمہ ابوبکر (صومالیہ)

22) نائمہ صہیب (بحرین)

23) نادیہ شیخ (بحرین)

24) ماہ جبین (بحرین)

25) نوشابہ (فرانس)

26) ڈاکٹر سعدیہ (UK)

27) مریم (رومانیہ)

28) شریفہ یوسف (نائیجریا)

29) حلیمہ واکابی (یوگنڈا)

30) حمیرا حسن (ساؤتھ افریقہ)

31) ارچنا علی (US)

32) بشریٰ ممتاز (US)

33) بتول بی ایجل (ماریشیس)

34) جلنار فہیمہ (فلسطین)

35) حسن بانو (کینیڈا)

36) میمونہ مجید (سویڈن)

37) ریم چکرورتی (لندن UK)

38) سارہ سویلم (اردن)

39) بنتِ اسلام (ڈنمارک)

40) ڈاکٹر مظاہر محمد عثمان (سوڈان)

41) خدیجہ (ملاوی)

42) اسماء (افریقہ)

عالمی یومِ حجاب 2020
قومی کانفرنس

''حجاب حفاظت بھی۔رحمت بھی''

حلقہ خواتین جماعت اسلامی کے تحت نجی ہوٹل میں عالمی یوم کے موقع پر عظیم الشان کانفرنس منعقد کی گئ جس کی مہمانِ خصوصی دردانہ صدیقی سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی تھیں۔کانفرنس کا عنوان تھا:

''حجاب حفاظت بھی اور رحمت بھی''

پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا بعدازاں نعت رسول مقبول پیش کی گئ ڈاکٹر نصرت طارق صاحبہ نے کمپئرنگ کے فرائض سرانجام دیئے افتتاحی خطاب میں اس مجلس کی روح رواں ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے تمام مہمانوں اور شرکاء کو خوش آمدید کہا اور اس بات کا تہ دل سے شکریہ ادا کیا کہ نامساعد حالات اور شدید بارش کے باوجود آپ تمام مہمان تشریف لائے۔

قومی کانفرنس میں حجاب حفاظت بھی اور رحمت بھی کے عنوان سے مذاکرہ منعقد کیا گیا جس میں ہر شعبہ زندگی سے خواتین نے شرکت کی۔

ڈاکٹر رخسانہ جبین صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن جماعت اسلامی:۔

ڈاکٹر رخسانہ جبین نے مذاکرے کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ حجاب ایک پورے نظام کا نام ہے۔حیا، پردہ اور نکاح اسکے اجزاء ہیں۔یہ پورا نظام عفت وعصمت ہے۔ہم ہر میدان میں اسکے ذریعے تحفظ حاصل کرتے ہیں۔فیشن ڈیزائنر اگر دینی و اخلاقی اور معاشرتی اقدار کو سامنے رکھیں گے تو حجاب کی برکات بھی سامنے آئیں گی۔حجاب نے جتنی ترقی کی ہے۔تاریخ میں اسکی مثال نہیں ملتی۔

ڈاکٹر امتہ اللہ زریں۔ماہر امراض نسواں:۔

عورت کے تحفظ کے لئے قوانین ضرور بننے چاہیں مگر عورت کو اپنے حقوق وفرائض کا تعین خود بھی ضرور کرنا ہوگا۔حجاب محض کپڑے کا ٹکڑا نہیں بلکہ اپنے رب کی اطاعت اور اس پر اعتماد اور یقین کی علامت ہے۔

محترمہ نصرت طارق صاحبہ ڈائریکٹر قرآن انسٹی ٹیوٹ:۔

امی خدیجہؓ وہ شخصیت ہیں جو سب سے پہلے نبوت کی تصدیق کرنے والی تھیں اور امی عائشہؓ کی وجہ سے ایک تہائی دین ہم تک پہنچا ہے اور جو علم ودانش کا چراغ تھیں۔یہ ہمارے لئے مثالی کردار ہیں۔

محترمہ اقصیٰ صاحبہ:۔

معاشرے میں حجاب اور حیا کا شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے۔ زبردستی اور تشدد کے رویوں کی بیخ کنی کی ضرورت ہے۔

میڈیا ہمارے معاشرے میں رویے بناتا ہے۔ مثال کے طور پر ڈرامہ ارتغرل ہی کو دیکھ لیں اُس نے نوجوانوں کو کیسے متاثر کیا ہے۔

روبا عروج. میڈیا نمائندہ:۔

حجاب صرف ایک گز کپڑے کے ٹکڑے کا نام نہیں بلکہ پورا نظام عفت و عصمت ہے۔

دیبا مرزا۔ صحافی:۔

آج کی جدید تہذیب کے دو ٹولز ہیں میڈیا اور تعلیم۔ جسکے ذریعے اقدار اور تصورات کو رائج کیا جاتا ہے۔

صابٹ:۔ وکیل:۔

حجاب انسانی نفسیات پر گہرا اثر ڈالتی ہے۔ حیا کے رویے سے اکثر نفسیاتی امراض سے بچا جا سکتا ہے۔

عائشہ شبیر۔ لیکچرار:۔

عورت انسانیت کے اہم ترین ادارے خاندان کا اہم جزو ہے۔ جو معاشرے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ایمان اور کفر میں فرق نماز کا ہے اور اسی طرح حجاب بھی مسلمان عورت کی شناخت ہے۔

ڈاکٹر نائلہ احسان۔ ماہر تعلیم:۔

میرے 34 سال کے تدریسی تجربے میں، میں نے دیکھا ہے کہ پردہ تحفظ کا اہم سبب ہے۔ جب بچیاں حجاب میں ملبوس ہوتی ہیں تو نظریں خود بخود جھک جاتی ہیں۔ اللہ نے عورت اور مرد کو غض بصر کا حکم دیا ہے اور دونوں کو اپنی حفاظت کا خیال بھی رکھنا چاہیے۔

رضیہ مدنی۔ دینی اسکالر:۔

مرد اور عورت دونوں اہم ہیں اور الگ الگ شناخت رکھتے ہیں۔ دونوں کو ایک دوسرے کے تحفظ اور احترام کے لئے کوشش کرنی ہے۔

عافیہ سرور۔ ڈائریکٹر فلاح خاندان سنٹر:۔

حلال کمائی اور حیا کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ حرام اور بے حیائی کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ نظام معیشت کو سود اور حرام سے بچانا ہوگا۔ اچھے خاندان اچھے معاشرے بناتے ہیں۔

ربیعہ طارق ناظمہ صوبہ پنجاب:۔

اپنی رائے اور اپنی رضا کے مطابق حجاب اختیار کریں۔ حجاب ہمارے لئے تحفظ اور رحمت کا حصار ہے۔ ہم اعلان کرتی ہیں کہ اپنے

رب کی رضا پر راضی ہیں ہمیں یہ انداز جان و دل سے عزیز ہے۔ یہ ہمارا حق ہے اور ہمیں کوئی اس سے محروم نہیں کر سکتا۔ یہ مسلمان خواتین کے ارادہ اور جدوجہد کو جاری رکھنے کا دن ہے۔

امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق:۔

ہم ہر نماز میں اللہ سے دنیا و آخرت کی کامیابی کی دعا کرتے ہیں کہ اچھی زندگی گزارنے کی توفیق دینا جس میں نیکی کرنا آسان اور برائی کرنا مشکل ہو جائے۔ ایک اچھی دنیا جس میں انسان آزادی کے ساتھ سانس لے سکے اور دوسرے انسان کے حقوق پامال نہ کر سکے۔ اصل کامیابی صرف آخرت میں ہی نہیں بلکہ دنیا کی کامیابی بھی مطلوب ہے۔ کامیابی اصل میں اپنے فرائض کی احسن ادائیگی ہے۔

ایک خوشحال پاکستان، بیماریوں سے، پریشانیوں سے، سود سے، ہر طرح کی برائی سے پاک پاکستان تب ہی حاصل ہو سکتا ہے جب عورت اپنی ذمہ داریوں کو پہچانے گی اور اس کو ادا کرنے کی طرف متوجہ ہو گی۔

☆۔ حجاب کا حکم کسی انسان کا نہیں، خالق کائنات کا ہے۔

☆۔ پردہ کے متعلق قرآن وسنت میں بڑے واضح احکامات ہیں۔ اسلام نے عورت کو وراثت میں حق اور ماں بہن بیٹی اور بیوی کی حیثیت سے احترام دیا ہے۔ مغرب اور یورپ میں عورت کو مارکیٹ کی چیز بنا کر پیش کیا گیا جس کی وجہ سے عورت عزت وحرمت اور وقار سے محروم ہو گئی۔ سیکولر لابی کی ہمیشہ سے یہ خواہش ہے کہ دنیا میں عریانی وفحاشی عام ہو جائے۔ وہ چاہتے ہیں کہ آج بھی انسان شیطان کی چالوں کا شکار ہو کر بے لباس ہو جائے۔

☆۔ حجاب ایک سوچ، فکر اور نظریے کی علامت ہے۔ حجاب اس بات کی علامت ہے کہ کوئی عام نہیں بلکہ غیر معمولی انسان ہوں ہو حجاب ایک گز کا کپڑا نہیں بلکہ یہ ایک سوچ ایک فکر اور نظریے کی علامت ہے اور وہ سوچ یہ ہے کہ میں اللہ پر اس کے رسول پر اور آخرت پر ایمان رکھتی ہوں حجاب خود اختیاری عمل نہیں ہے بلکہ اللہ کے حکم سے ہم نے اپنے آپ کو پردے میں چھپایا اللہ نے کائنات کی ہر اہم اور خوبصورت ترین چیز کو پردے میں چھپایا ہے۔

☆۔ باپردہ خواتین محفوظ ہوتی ہیں۔ عورت کا کردار منہا کر دیا جائے تو یہ ساری کائنات اس اپنے اصل سے ہٹ جائے گی

☆۔ لبرل اور سیکولر لابی اسلام کے عطا کردہ خاندانی نظام کو توڑنا چاہتی ہے۔

☆۔ تعلیمی اداروں سے باہر اڑھائی کروڑ بچوں میں سے زیادہ تعداد بچیوں کی ہے

☆۔ آئین پاکستان قرآن وسنت کی بالادستی کا تقاضا کرتا ہے۔

☆۔ اسلام ایسے معاشرے کی تشکیل کا حکم دیتا ہے جس میں حیا اور پاکیزگی ہو۔

☆۔ پردہ کے متعلق قرآن وسنت میں بڑے واضح احکامات ہیں۔
☆۔ اسلام کے خلاف پروپیگنڈا کو ناکام بنانے میں مسلم خواتین نے بڑا موثر کردار ادا کیا ہے۔
☆۔ عریانی اور فحاشی نے معاشرے کو تباہی کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے۔
☆۔ معصوم کلیوں کو دن دیہاڑے اغواء کر کے زیادتی کا نشانہ بنانے کے بعد قتل کر دیا جاتا ہے۔
☆۔ معصوم بچیوں کے قاتلوں کو پکڑا جاتا ہے نہ انہیں نشان عبرت بنایا جاتا ہے۔
☆۔ ہم بچیوں کو لائبریریوں اور لیبارٹریوں سمیت تحقیقی اداروں میں آگے بڑھتا دیکھنا چاہتے ہیں۔ مغرب کی پروردہ این جی اوز خواتین کے حقوق کے نام پر معاشرے میں بے راہ روی کو فروغ دے رہی ہیں۔
☆۔ ملک پر مسلط جاگیردار، وڈیرے اور سرمایہ دار عام آدمی کا استحصال کر رہے ہیں۔
☆۔ 72 سال سے اقتدار پر مسلط حکمران ملک کے نظریے اور جغرافیے کی حفاظت نہیں کر سکے ظالم جاگیردار اور کرپٹ سرمایہ دار نے پاکستان کی شناخت کو مجروح کر دیا ہے آج ہم پوری دنیا میں اس طبقہ کی وجہ سے ذلیل وخوار ہیں ہماری اصل شناخت کو انہوں نے تباہ کر دیا ہے۔ باہر کے ممالک میں موجود ہمارے غریب بھائی بہن جان توڑ محنت کر کے پیسہ کماتے اور پاکستان بھیجتے ہیں اور ہمارے اور کرپٹ ترین حکمران اس مال کو امریکا میں اپنے ذخائر بنانے کے لئے استعمال کرتے ہیں ایران کے انقلاب میں بھی بہنوں نے اہم کردار ادا کیا۔ آپ اپنی ذمہ داری ادا کریں گی تو یہ چمن معمور ہوگا نغمہ توحید سے۔
☆۔ جماعت اسلامی ملک کو اسلامی وخوشحال پاکستان بنانے کی جدوجہد کر رہی ہے۔ دردانہ صدیقی صاحبہ سیکرٹری جنرل پاکستان نے خواتین سے کلیدی خطاب کرتے ہوئے کہا عزیز بہنو میں آپ کی شکر گزار ہوں کے آپ نے اس موسم اور کرونا میں بھی ہماری دعوت پر لبیک کہا۔ رب کائنات نے ارشاد فرمایا ''اے نبی! آپ اپنی بیویوں بیٹیوں اور اہل ایمان کی خواتین سے کہہ دیجئے کے وہ باہر نکلتے وقت چادر بطور گھونگٹ لٹکا لیا کریں یہ طریقہ قریب تر ہے کے وہ پہچان لی جائیں اور نہ ستائی جائیں۔'' اسلام ایک آفاقی دین اور مکمل ضابطہ حیات ہے۔ زندگی کے ہر شعبے میں ہمارے لئے ہدایت اور رہنمائی موجود ہے۔ پوری انسانیت کی فلاح اور بھلائی اسلام کے زریں اصولوں کو عمل کرنے میں ہے۔ اسلام کا نظام عفت وعصمت نہ صرف عورت بلکے پورے معاشرے کی بقا اور حفاظت کے لئے ہے۔ اسلام نے دونوں صنفون کو غض بصر اور حجاب کا واضح حکم دیا ہے۔ یوم حجاب 4 ستمبر سے آپ آگاہ ہیں حلقہ خواتین جماعت اسلامی اس یوم حجاب کا ہر سال کبھی ہفتے اور کبھی عشرے کے حوالے سے اہتمام کرتی ہے اور مقصد دنیا بھر میں حجاب کی بنیاد پر امتیازی سلوک یا تعصب کا نشانہ بننے والی خواتین کے ساتھ اظہار یکجہتی اور معاشرے میں حیا اور حجاب کے کلچر کا فروغ ہے۔

اس سال ہم نے یوم حجاب کا نام حجاب رحمت بھی تحفظ بھی کے عنوان سے ترتیب دیا ہے۔ یکم ستمبر کو ہم نے بین الاقوامی سیمینار کا اہتمام کیا تھا جس میں 5 براعظموں کے 31 ممالک سے 200 سے زائد خواتین نے شرکت کی تھی جس میں نومسلم خواتین نے حجاب کے حوالے سے احساسات اور تجربات رکھے تھے۔ اسلام کی نظر میں عورت ماں کے روپ میں مشفق و مہربان پیکر ہے بیوی کے روپ میں غمگسار و مہربان اور وفادار اور بیٹی کے روپ میں مہربان وفادار اور نیک بخت ہے۔ اسلام نے اس کو قیمتی بنانے کے لئے بخوبی انتظام کیا ہے۔ مرد اور خواتین دونوں کو حیا کے مخصوص آداب سکھانے کے ساتھ ساتھ اسے معاشرے کو پروان چڑھانے کے اصول بھی وضع کر دیے جہاں انسانی سزاؤں کے ساتھ معاشرتی آداب انسان کو حیوان بنانے سے روک دیتے ہیں۔ حجاب ایک گز کا ٹکڑا یا کوٹ نہیں بلکے ایک پورا نظام حیات اور تہذیب ہے۔

آدم اور حوا کی تخلیق کے وقت ہی حیا ودیعت کر دی تھی اور قرآن پاک میں جنت کی حوروں کی خاص صفت یہی بیان کرتا ہے کہ نگاہ نیچی رکھنے والی اور باحیا ھوں گی۔ یا کے ایمانی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے مردوں اور عورتوں کو حکم دیا گیا کہ وہ اپنی نگاھوں کو پست رکھیں اور اپنی شرمگاھوں کی حفاظت کریں۔ مسلمان عورت کی تعظیم، توقیر اور تحفظ کو مدنظر رکھتے ہوے کہا گیا کہ خواتین اپنا بناو سنگھار نہ دکھائیں مگر وہ خود بخود ظاھر ہو جاے۔ اور اپنے سینوں پر اپنی اوڑھنیوں کے آنچل ڈالے رکھیں۔ اسلام کے اصولوں نے صدیوں سے عرب کے جاہلانہ معاشرے میں پسی عورت کو اعلی درجے پر فائز کیا۔۔ جہاں بھی حیا کے تقاضوں کو پورا کیا گیا وہاں پاک دامن اور صالح معاشرہ وجود میں آیا انسانیت نے فحاشی، ہراسانی، اور ہوس سے نجات پای۔ اس کے برعکس مغربی تہذیب جو حجاب کی ناقد بھی ہے اور حیا کے قوانین کو دقیانوسی اور پسماندہ قرار دیتی ہے۔ آج اخلاقی زوال کا شکار ہو کر اپنا گند سمیٹ رہی ہے۔ ایون ریڈلے، مغربی خاتون صحافی جس نے اسلام قبول کیا لکھتی ہیں کہ مغربی سیاست دان اور صحافی کے خیال میں مسلمان عورت جبر کا شکار اور پسی ہوئی ہے۔ مرد اس پر حاوی ہے اور اسے قید و بند کر رکھا ہے۔ انہیں اس بات کا اندازہ ہی نہیں کہ خواتین کو اسلامی سانچے کے اندر کتنی حفاظت اور عزت ملی ہے۔

اس وقت کی صورتحال یہ ہے کہ معاشرے میں حیا کی قدریں کمزور ہو رہی ہیں میڈیا نے اس سلسلے میں بڑا منفی کردار ادا کیا ہے ڈراموں میں قریبی اور محترم رشتوں کی حرمتوں کو پامال کرتے ہوے معاشرتی اقدار کو تباہ کیا جا رہا ہے میڈیا اور کمرشل ادارے جس طریقے سے عورت کو اشتہارات کے طور پر استعمال کر رہے ہیں ہم پاکستانی اس کی مذمت کرتے اور حق نسوانیت کی توہین سمجھتے ہیں۔ حجاب نہ صرف مسلم عورت کے وقار کی علامت ہے بلکہ پاکستانی معاشرے میں پردے کا احترام کیا جاتا ہے. ہماری خواتین کا لباس باپردہ ہے۔ اور بڑی اکثریت باحیا ہے۔ بڑی تعداد خود کو ڈھانپ کر کے باہر نکلنا پسند کرتی ہے۔ 98 فیصد خواتین گھر سے نکلتے وقت دوپٹہ لینے کی

حامی ہیں اس لیے باحجاب خواتین کو میدان عمل میں آنا ہوگا اور اپنے حصے کی ذمہ داریاں ادا کرنی ہوگی۔ دو فیصد خواتین معاشرے پر غالب نظر آتی ہیں تو 98 فیصد خواتین اگر اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں تو ہم کیا نہیں کر سکتے سوچنے کا مقام۔ ہے کہ ہم 98 فیصد اس وقت کہاں ہیں اچھی بات یہ ہے کہ خیر کے فروغ کے لیے خیر کی قوتوں کو متحد ہو کر کام کرنے کی ضرورت ہے آیئے آج کے اس پرفتن دور میں مکروہ عزائم کو سمجھنے کی کوشش کریں حیا اور حجاب پاکیزگی کی توانا علامت ہے آیئے ہم سب مل کر اس کو فخر یہ بنانے کی جدوجہد میں اپنا حصہ ڈالیں۔



عالمی یوم حجاب کے موقع پر 4 ستمبر 2020، بروز جمعہ پی سی (Pearl Continental) ہوٹل لاہور میں ''حجاب تحفظ اور رحمت'' کے عنوان سے تقریب منعقد کی گئی۔ جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔

سابق ایم این اے ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی کی میزبانی میں ہونے والی عالمی یوم حجاب کانفرنس کی صدارت امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کی جبکہ سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی دردانہ صدیقی تقریب کی مہمان خصوصی تھیں۔ اور کمپیرنگ کے فرائض نگران قرآن انسٹیٹیوٹ لاہور ڈاکٹر نصرت طارق نے سرانجام دیے۔

تقریب میں شامل مقررین میں صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن ڈاکٹر رخسانہ جبین، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی ثمینہ سعید، صدر وسطی پنجاب ربیعہ طارق، رہنما پیما ڈاکٹر امۃ اللہ زریں، ممتاز مذہبی سکالر رضیہ مدنی، ڈائریکٹر فلاح خاندان سنٹر عافیہ سرور، عائشہ بشیر، صبابٹ، میڈیا پرسن روبا عروج، صحافی دیبا مرزا، ڈاکٹر نائلہ احسان اور محترمہ اقصیٰ شامل تھیں۔

جبکہ دیگر مہمانان گرامی میں صدر الخدمت فاؤنڈیشن ویمن ونگ کلثوم رانجھا، ماہر تعلیم یو ایم ٹی ڈاکٹر ممتاز اختر، صدر ضلع لاہور ڈاکٹر زبیدہ جبین، ماہر تعلیم یونیورسٹی آف لاہور عمارہ رؤف، عطیہ نثار، محترمہ زینب آصف، ڈاکٹر آصفہ، آمنہ سلیم، فرحت اسلم، پروفیسر ربیعہ بشیر، ملیحہ سید، مس عابدہ بخاری، طلعت جبیں، ڈاکٹر آمنہ بشیر، صائمہ شیر افضل، روزینہ چوہدری اور دیگر شامل تھے۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا جس کی سعادت قدسیہ بتول نے حاصل کی۔ جبکہ محترمہ عافیہ زاہد نے نعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقبول پیش کی تقریب کے آغاز میں ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے تمام مہمانوں اور شرکا کو خوش آمدید کرتے ہوئے کہا کہ ان نامساعد حالات اور شدید بارش کے باوجود آپ تمام تر تشریف لائے۔ میں آپ سب کی شکر گزار ہوں، انہوں نے کہا کہ ہم حجاب کو صرف برقعے کے ساتھ وابستہ کر کے کہتے ہیں کہ شاید یہ صرف عورت کی ذمہ داری ہے۔ لیکن معاشرے میں ہمیں اپنے بیٹوں کو احترام کرنا سکھانا ہوگا۔ ماں کا کردار بہت اہم ہے، اُسے چاہیے کہ ایسی نسل کی تعمیر کرے جس کو عورت کا احترام، عورت کی عزت کرنا اور عورت سے محبت کرنا، عورت کی حفاظت کرنا آتا ہو۔

حجاب ڈے اس تقریب میں شرکاء کے درمیان مذاکرے کا اہتمام کیا گیا۔ مذاکرے میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی خواتین نے شرکت کی اور حجاب اور پردے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن ڈاکٹر رخسانہ جبین نے کہا کہ حجاب ایک پورا نظام ہے، اس کے اندر حیا، پردہ اور نکاح شامل ہے۔ حیا عصمت وعفت کا بھی ایک پورا نظام ہے۔ ڈاکٹر امۃ اللہ زریں نے کہا ویمن پروٹیکشن بل تو ٹھیک ہے مگر اس کے عمل درآمد میں مسئلہ ہے۔

نگران قرآن انسٹیٹیوٹ لاہور ڈاکٹر نصرت طارق نے کہا کہ حضرت عائشہؓ کے ذریعے پہنچے ہوئے علم کا ذخیرہ اگر نکال دیا جائے تو ہمارا

ذخیرہ علم آدھا رہ جائے گا۔ ڈپٹی سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی ثمینہ سعید نے کہا کہ حجاب نے جیسے ترقی کی، تاریخ میں اس کی مثال کہیں نہیں ملتی۔ فیشن ڈیزائنز اگر دینی، اخلاقی اور معاشرتی اقدار کو سامنے رکھیں تو حجاب لینا آسان ہوگا۔ محترمہ اقصیٰ صاحبہ نے کہا کہ حجاب کے حوالے سے معاشرے میں شعور پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ ہماری بچیاں حجاب لیتے ہوئے ہچکچاتی ہیں اور زیادہ تر گھروں میں زبردستی یہ عمل کروایا جاتا ہے۔ میڈیا پرسن روبا عروج نے کہا کہ کوئی ایسا گھر نہیں ہے جہاں پر میڈیا کا عمل دخل نہ ہو۔ جو چیز یہاں پیش کی جاتی ہے اس کو پورا معاشرہ اپناتا ہے۔ صحافی دیبا مرزا نے کہا کہ آج میڈیا کے ذریعے حجاب لینے کے عمل کو اعتماد دینے کی ضرورت ہے۔ صبا بٹ نے کہا کہ حجاب کا بھی انسان کی نفسیات پر اہم اثر ہے۔ اس سے کنی کترانے والی خواتین کی اکثریت نفسیاتی امراض کا شکار ہے۔ عائشہ شبیر نے کہا کہ خواتین اپنے آپ میں ایک مکمل ادارہ ہیں۔ جس کا سوسائٹی میں اہم کردار ہے۔ جیسے ایمان اور کفر میں فرق نماز ہے اسی طرح مسلم اور غیر مسلم عورت میں فرق حجاب ہے۔ ڈاکٹر نائلہ احسان نے کہا کہ جب بچیاں باحجاب ہو کر کالج میں آتی ہیں تو پھر انہیں دوسروں کی نظروں کی پرواہ نہیں ہوتی اور نہ ہی ان پر نظریں اس طرح گاڑھی جاتی ہیں۔ پردہ تحفظ کا سب اہم ذریعہ ہے۔ معروف مذہبی سکالر رضیہ مدنی کا کہنا تھا کہ دنیا میں مرد اور عورت دونوں اہم عناصر ہیں۔ مرد کا دائرہ کار الگ ہے اور عورت کا دائرہ کار الگ ہے۔ ڈائریکٹر فلاح خاندان سنٹر عافیہ سرور نے کہا کہ ہمیں اپنے نظام معیشت کو سود اور حرام سے بچانا ہوگا۔ اچھا خاندان معاشرہ بناتا ہے، اور جب معاشرہ اچھا بن جائے تو بہت سے اچھے خاندان وجود میں آنے لگتے ہیں۔

ناظمہ صوبہ وسطی پنجاب ربیعہ طارق نے کہا کہ مسلمان بہنوں کو دعوت ہے کہ وہ اپنی رائے اور مرضی سے حجاب اختیار کریں۔ حجاب ہمارا حصار ہے۔ ہم پوری دنیا کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ ہمیں وہی طریقہ اور وہی انداز پسند ہیں جو ساڑھے چودہ سو سال قبل ہمارے رب اور خاتم النبین نے ہمارے لیے طے کر دیا تھا۔

امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ آج بھی اسلامی تحریک اور ہمیشہ کی تمام اسلامی تحریکوں میں عورتوں کا اہم کردار رہا ہے۔ آج بھی ہم چاہتے ہیں خواتین انقلاب لانے میں، انسان کو منزل تک پہنچانے میں، پاکستان کو ترقی یافتہ ملک بنانے میں لیڈنگ کردار ادا کریں۔ ایک سروے کے مطابق پاکستان کی 98 فیصد خواتین پردے کے حق میں ہیں لیکن صرف 2 فیصد خواتین نے 98 فیصد خواتین پر غلبہ حاصل کیا ہوا ہے۔ ہماری باپردہ خواتین کو اپنے حقوق کے لیے جاگنا پڑے گا۔

سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی دردانہ صدیقی نے صدارتی خطاب میں کہا کہ حجاب نہ صرف مسلم عورت کے وقار کی علامت ہے بلکہ یہ عورت کا اعتماد بھی ہے جو معاشرے میں اسے ایک متحرک اور فعال کردار ادا کرنے کے قابل بناتا ہے۔ پاکستان کی تمام علاقائی ثقافت باپردہ ہے۔ خواتین و بچیاں خود کو کسی نہ کسی حالت میں ڈھانپ کر رکھتی ہیں۔ پردہ یا حجاب کبھی بھی ترقی یا کامیابی کی راہ

میں رکاوٹ نہیں بنا۔ انہوں نے کہا کہ اشتہاری ایجنسیاں اور دیگر کاروباری ادارے جس طرح عورت کو اشتہارات میں کمرشل مقاصد کے لیے استعمال کر رہے ہیں، ہم پاکستانی خواتین اس اقدام کی مذمت کرتی ہیں اور اسے عورت کی توہین سمجھتے ہیں۔

تقریب کے اختتام پر سابق ایم این اے ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے تقریب میں شریک تمام مہمانوں کا خصوصا شکریہ ادا کیا اور مقررین میں اعزازی انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔



حجاب، نوجوان اور سماجی رویے

قومی کانفرنس بسلسلہ عالمی یوم حجاب پی سی ہوٹل لاہور تاریخ:4 ستمبر 2020

اس کانفرنس کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا۔

"حجاب نوجوان اور سماجی رویے،، کے عنوان سے اس کانفرنس میں افتتاحی خطاب ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے کیا۔

زیر صدارت پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز چیرمین اسلامی نظریاتی کونسل

مہمان خصوصی دردانہ صدیقی (سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی)

مہمان خصوصی محترمہ آشفہ ریاض فتیانہ (وزیر ترقی نسواں وسماجی بہبود پنجاب)

مہمانان اعزاز: آصف محمود چیمہ (اسسٹنٹ کمشنر) وی سی۔جی سی یونیورسٹی اصغر زیدی، اوریا مقبول جان، پروفیسر اشتیاق گوندل، پروفیسر عمران مسعود (ایجوکیشنسٹ) ڈاکٹر طاہر محمود پروفیسر دعوہ اکیڈمی یونیورسٹی آف لاہور عمارہ اویس، ویمن ڈیولپمنٹ مریم خان، ڈاکٹر طاہر محمود ڈائیریکٹر (دعوہ اکیڈمی) احمد شیر اعوان (پنجاب یونیورسٹی) ڈاکٹر ممتاز اختر ممتاز ماہر تعلیم، امیر العظیم سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی، عائشہ سید، سی ای او اسکلرز، عطیہ نثار، تسنیم معظم، ربیعہ طارق اور ڈاکٹرز بیدہ جبین۔

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے مہمانان گرامی کو خوش آمدید کہا انہوں نے خطاب کا آغاز یوم حجاب کا تعارف دیتے ہوئے کہا کہ دو دہائی قبل اس نئے ہزاریے کے آغاز میں ہی اسلام اور اسلام کے شعائر کے ساتھ تعصب دنیا میں بڑھتا چلا گیا، حجاب، داڑھی، ٹوپی، مسجد کے مینار غرض ہر وہ چیز جو اسلام کے ساتھ وابستہ تھی، اس کو نفرت کا نشانہ بنایا گیا۔ یورپ میں ۲ ستمبر 2003 سے ایک گز کا کپڑے کا ٹکڑا اتنا طاقتور بن گیا کہ کبھی اس کے خلاف قوانین بنائے گئے، کبھی عدالتوں میں بحث کا نشانہ بنا اور کبھی اس کی خاطر مسلمان عورتوں نے اپنی شہریت چھوڑی اور حتیٰ کہ جان کی قربانی بھی دی گئی۔ ایسے میں جولائی 2004 میں لندن کے میئر لونگ اسٹون نے دنیا بھر کے علماء کو ایک کانفرنس میں دعوت دی اور علامہ یوسف القرضاوی کی قیادت میں پہلی دفعہ 4 ستمبر 2004 کو عالمی یومِ حجاب منانے کا اعلان کیا گیا۔ پاکستان سے اس حجاب تحریک کی سرپرستی جماعتِ اسلامی کے اس وقت کے امیر قاضی حسین احمدؒ نے کی اور حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی نے معاشرے کے تمام افراد کو لے کر اس دن کو معاشرے میں اخلاقی اقدار کو فروغ دینے کے لئے استعمال کیا۔ میڈیا نے بھی ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کیا اور پاکستان کے بیشتر چھوٹے بڑے اخبارات نے اس دن خصوصی ایڈیشنز نکالے۔

2008ء سے پرل کانٹی نینٹل ہوٹلز کے روح رواں اور ہاشوفاؤنڈیشن کے سرپرست محترم صدرالدین ہاشوانی صاحب نے ہر سال ہماری بھرپور معاونت کی اور پاکستان میں اپنے ہوٹلز کے دروازے ہمارے لیے کھولے رکھے۔ ہر سال ہم یومِ حجاب کو عورت کے

تحفظ کی علامت کے طور پر مناتے ہیں۔ اس سال جبکہ پوری انسانیت کی ترقی کا راز ایک نظر نہ آنے والے جرثومے نے فاش کر دیا ہے۔ تمام دنیا جیسے رک گئی ہے اور مسلمان عورت کے نقاب کو جس طرح نشانہ تضحیک بنایا گیا اس کا جواب پوری انسانیت کو ماسک پہنا کر دے دیا گیا ہے۔ اس آزمائش کے بعد کوئی مسلمان عورت کو حجاب و نقاب کی وجہ سے تعصب اور تمسخر کا نشانہ نہیں بنا سکے گا۔ اس سال وطن عزیز میں خواتین کے خلاف بہت پُرتشدد واقعات وقوع پزیر ہوئے۔ جماعتِ اسلامی کا دامن تمام تر کرپشن، چاہے وہ مالی کرپشن ہو یا اخلاقی کرپشن، ہر طرح کی آلودگی سے صاف ہے۔ ہم معاشرے میں عورت کے مقام کا تحفظ چاہتی ہیں۔ چاہے وہ صحافی ہوں یا ورکنگ ویمن، سیاسی شخصیات ہوں یا سماجی، عورت کو بھی اپنے وقار کا احترام کرنا چاہیے اور معاشرے کو بھی اس کے احترام میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرنا چاہیے۔

ہم اس سال یومِ حجاب کے موقع پر گزشتہ 15 سالوں کے پروگراموں کو نئے انداز میں پیش کرنے جا رہے ہیں اور اس عرصے میں ہمارے پاس جتنا مواد جمع اور نظروں سے اوجھل تھا اُسے معاشرے کے سامنے لانا چاہ رہے ہیں۔

☆ ہر سال کی طرح لاہور میں 4 ستمبر کو دو پروگرام ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی کے ساتھ کر رہے ہیں۔ ایک حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی کے زیر اہتمام اور ایک دانش گاہوں کی معاونت سے منعقد کیا جائے گا۔

☆ ہم نے حجاب کے متعلق ۳ ایک ایک منٹ کے اشتہار بنائے ہیں۔

☆ 3 ترانے تیار کر رہے ہیں۔

☆ "شوبز سے حجاب تک" 3 سابقہ اداکاراؤں کے حجاب کی جانب سفر کو پیش کر رہے ہیں۔

☆ حجاب کی تاریخ، حجاب تہذیب ہے اور حجاب کے حوالے سے علامہ اقبال کی نظم کے نام سے 3 ویڈیو کلپس تیار کئے گئے ہیں۔

☆ یومِ حجاب کے آغاز پر محترم قاضی حسین احمدؒ کی ایک تقریر جو قوار یر فیشن کے افتتاح کے موقع پر کی گئی تھی، کو تیار کر رہے ہیں۔

☆ 2004ء سے 2020ء کے درمیان 15 سالہ کارکردگی رپورٹ تیار کر رہے ہیں۔

☆ کووڈ 19 کے تناظر میں ایک حجاب کا ویڈیو کلپ تیار کر رہے ہیں۔

☆ درج ذیل سترہ اداروں کے تعاون سے پہلی دفعہ ایک بڑی حجاب مہم لانچ کر رہے ہیں۔

- اسلامی نظریاتی کونسل
- پیغامِ پاکستان
- حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی
- دخترانِ پاکستان
- انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین
- ویمن ڈیولپمنٹ پنجاب

۔کلنا مریم ۔سکلرز انٹرنیشنل
۔پنجاب یونیورسٹی ۔اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد
۔لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی ۔یونیورسٹی آف لاہور
۔سپیریئر یونیورسٹی ۔گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد
۔گورنمنٹ کالج یونیورسٹی سیالکوٹ ۔لیڈز یونیورسٹی
۔دارِارقم فاؤنڈیشن

☆ان سترہ اداروں کے تعاون سے تعلیمی اداروں میں طلبہ اور طالبات کے بگڑتے ہوئے اخلاقی کردار، صحافی خواتین کے ساتھ توہین آمیز رویوں اور میڈیا کے اشتہارات میں عورت کے استحصال کے خلاف فورم رکھے جا رہے ہیں۔

اوریا مقبول جان نے کہا آج کے دور کا سب سے بڑا موضوع حجاب ہے آج کی جدید دنیا جس قسم کے اقدار و تصور کو ہمارے سامنے رکھتی ہے وہ دو چیزیں ہیں ایک تعلیم دوسرا میڈیا وہ کون سے لوگ ہیں جو مکمل خسارے میں ہونگے یہ وہ لوگ ہیں جن کی پوری زندگی دنیا کی تگ و دو میں رہتی ہے۔ اکثر لوگ یہ کہتے ہیں کہ حجاب مذہبی ایشو ہے وہ جھوٹ بولتے ہیں کیونکہ ان کی انڈسٹری تباہ ہو جائے گی اس ڈیڑھ گز کے کپڑے نے ان کی اربوں روپے کی انڈسٹری کو پاؤں کی ٹھوکر پر رکھا ہے۔

عمارہ رؤوف یونیورسٹی آف لاہور! میں نے جب حجاب لینا شروع کیا تو تقریباً 12 ممالک کے غیر ملکی طلبا و طالبات کے ساتھ پڑھتی تھیں۔ مشکلات کا سامنا ہوا مگر بہت خود اعتمادی کے ساتھ اس کو اپنایا جس حجاب کی ہم بات کر رہے ہیں وہ کپڑے کا ٹکڑا نہیں شرم و حیا ہے۔

عائشہ عثمان: شیطان کا سب سے پہلا ہدف انسان کو بے لباس کرنا ہے اس کی کوشش قیامت تک جاری رہے گی اور تعلیمی اداروں میں جب بچیاں ایسا لباس پہن کر جاتی ہیں جو اس کے جسم کو مزید نمایاں کر رہا ہے ہے تو وہ ہمارے مردوں کے اندر چھپے ہوئے شیطان کو بھی دعوت دے رہی ہوتی ہے بعض لوگ یہ باور کراتے ہیں کہ حجاب آزادی کی راہ میں رکاوٹ ہے ایک سروے کے مطابق 95 فیصد افراد یہ چاہتے ہیں کہ حجاب ہونا چاہئے جن میں مرد و خواتین دونوں شامل ہیں۔

امیر العظیم سیکرٹری جنرل پاکستان نے کہا موسم کی خرابی کے باوجود آپ سب بہنیں حجاب کانفرنس کے لئے یہاں تشریف لائیں یہ اس بات کی بہترین مثال ہے کہ حجاب ترقی کی راہ میں رکاوٹ نہیں۔ پاکستان کے اندر یہ مادر پدر آزادی نہیں ہونی چاہیے اس کے لیے قانون و آئین موجود ہے مگر عملدرآمد کی کمی ہے ہماری یہ بہنیں مادر پدر آزادی میں بہت بڑی رکاوٹ ہیں ہم انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں اور انکے ساتھ کھڑے ہیں۔

آشفہ ریاض فتیانہ ویمن ڈولپمنٹ نے کہا کہ ہمارا ڈیپارٹمنٹ خواتین کے حقوق وراثتی ہوں یا لیبر ایکٹ ہوں تمام شعبوں سے ملکر خواتین کو سہولیات بہم پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں ہم خواتین کے لیے ڈے کیئر سنٹر کا قیام عمل میں لا رہے ہیں 137 ڈے کیئر سنٹر بنا دیئے گئے ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز صاحب صاحب اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ مادہ پرستی کا یہ دور جس طرح کے حالات سے گزر رہے ہیں ہم اپنی اقدار اور معاشرتی ثقافت سے دور ہوتے چلے جا رہے ہیں بار بار تذکیر کے طور پر یوم حجاب منانا اہم ہے جدید دور کے تقاضوں کا ادراک کرتے ہوئے حجاب کے تصور کو زندہ رکھتے ہوئے اپنا کردار ادا کریں اس نسل کی بڑی ذمہ داری ہے کہ آئندہ نسل تک یہ پیغام پہنچائیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حیا اور حجاب پر مبنی ایک معاشرے کی تشکیل میں بھرپور کردار ادا کرنے کی توفیق عطا کرے اور ہماری سعی و جہد کو قبول کر کے ہم سے راضی ہو جائے۔ اختتام میں شرکاء کا خصوصی شکریہ ادا کیا گیا اس دعا کے ساتھ یہ کانفرنس اختتام پذیر ہوئی کہ ان تمام کاوشوں کو عملی جامہ پہنایا جائے اور پاکستان کو صحیح معنوں میں اسلامی اور خوشحال بنایا جائے۔

عالمی یوم حجاب کے موقع پر ''حجاب، نوجوان اور سماجی رویے'' کے عنوان سے تقریب 4 ستمبر 2020، بروز جمعہ پی سی (Pearl Continental) ہوٹل لاہور میں منعقد ہوئی۔ 3 بجے سے 7 بجے تک جاری رہنے والی اس پروقار تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ پیغام پاکستان کے تعاون سے منعقدہ پروگرام میں مختلف اداروں نے شمولیت کی جن میں اسلامی نظریاتی کونسل، دختران پاکستان، حلقہ خواتین جماعت اسلامی، وزارت بہبود خواتین، انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین، سکلرز انٹرنیشنل، گُلُنا مریم، پنجاب یونیورسٹی، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی، یونیورسٹی آف لاہور، سپیریئر یونیورسٹی، جی سی یونیورسٹی برائے خواتین سیالکوٹ، جی سی یونیورسٹی برائے خواتین فیصل آباد، لیڈز یونیورسٹی اور دارارقم سکولز شامل ہیں۔

پی سی ہوٹل میں ہونے والی عالمی یوم حجاب کانفرنس کی صدارت چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل محترم پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز نے کی۔ جبکہ صوبائی وزیر برائے بہبود خواتین محترمہ آشفہ ریاض فتیانہ تقریب کی مہمان خصوصی تھیں۔ تقریب کی میزبانی ڈائریکٹر امور خارجہ حلقہ خواتین جماعت اسلامی ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے کی۔ تقریب کے مقررین میں سابق صوبائی وزیر میاں عمران مسعود، معروف تجزیہ کار محترم اوریا مقبول جان، سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان محترم امیر العظیم، جی سی یونیورسٹی لاہور کے وائس چانسلر ڈاکٹر اصغر زیدی، ڈائریکٹر اکیڈمکس ایف سی کالج ڈاکٹر سمیرا ملک، پروفیسر اسلامک سنٹر ڈاکٹر اشتیاق گوندل، انچارج سٹوڈنٹس افیئرز یونیورسٹی آف لاہور عمارہ رؤف، ڈائریکٹر دعوۃ اکیڈمی انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی ڈاکٹر طاہر، پروفیسر یونیورسٹی آف گجرات خلیل الرحمان، ہیڈ چائلڈ رائٹس سنٹر یونیورسٹی آف دی پنجاب ڈاکٹر طارق محمود خان، سی ای او سکلرز انٹرنیشنل عائشہ سید اور پرنسپل کنگسٹن کالج رائے اینڈ رسن شامل تھے۔ دیگر مہمانانِ گرامی میں سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی محترمہ دُردانہ صدیقی، ماہر تعلیم یو ایم ٹی ڈاکٹر ممتاز اختر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن سید عامر جعفری، اسسٹنٹ کمشنر خوشاب عامر محمود چیمہ، امیر جماعت اسلامی لاہور ڈاکٹر ذکر اللہ مجاہد، پروفیسر انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ (آئی ای آر) پنجاب یونیورسٹی ڈاکٹر احمد شیر اعوان، کری ایٹو ڈائریکٹر سجاد النبی اور ایم ڈی بانو میموریل ٹرسٹ وسیم اسلم قریشی شامل تھے۔

حجاب ڈے کا انعقاد ہر سال کی طرح اس بار بھی پی سی (Pearl Continental) ہوٹل میں ہوا جس کی میزبانی ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے کی جبکہ تقریب پی سی ہوٹل کے روح رواں ہاشو فاؤنڈیشن کے صدر، محترم صدرالدین ہاشوانی صاحب کی نگرانی میں انجام پائی، تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جس کی سعادت قدسیہ بتول نے حاصل کی جبکہ نعت رسول مقبول

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محترمہ عافیہ زاہد پیش کی۔ تقریب میں سٹیج پر میزبانی کے فرائض عائشہ سید اور ڈاکٹر اشتیاق گوندل نے سرانجام دیئے۔
سابق رکن قومی اسمبلی اور صدر انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی نے افتتاحی کلمات ادا کیے اور سب معززین کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ کووڈ کے لمبے عرصے کی سماجی دوری کے بعد اتنی بڑی تعداد میں دانش گاہوں کے نمائندوں کا مل کر بیٹھنا اس بات کی علامت ہے کہ ہم حجاب کو صرف ایک گز کپڑے کا ٹکڑا نہیں سمجھتے بلکہ ایک پورا نظام عفت و عصمت سمجھتے ہیں۔ ہم نوجوانوں کے لئیے تعلیم کے ساتھ تربیت کو بھی انتہائی اہم سمجھتے ہیں اور آج ہم سب زندگی کے ہر شعبے اور اپنے ہر مقتدر ادارے کی سرپرستی کے ساتھ یہاں پر اکھٹے ہوئے ہیں کہ ہم اپنے نوجوانوں کے بدلتے ہوئے سماجی رویئوں پر غور کریں اور انھیں درست سمت کی نشاندہی کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یوم حجاب دنیا میں مسلمان خواتین کے حقوق کے احیاء کا نام ہے۔ حجاب کی وجہ سے مسلمان خواتین کو نوکریوں سے ہاتھ دھونا پڑے۔ ہماری ایک ترکش بہن کو پارلیمنٹ کی نشست سے ہاتھ دھونا پڑے۔ چونکہ ستمبر 2003 میں فرانس میں نقاب پر پابندی لگی تھی اور اس کے بعد پورے یورپ میں حجاب کے ساتھ ایک بڑا تعصب برتا گیا، تو جولائی 2004 میں لندن کے میئر لیونگ سٹون کی سربراہی میں ایک کانفرنس منعقد کی گئی جس میں ساری دنیا سے علماء کو بلایا گیا۔ اس وقت پاکستان میں قاضی حسین احمد جماعت اسلامی کے امیر تھے انہوں نے حلقہ خواتین جماعت اسلامی کے ساتھ مل کر پاکستان میں اس یوم حجاب کو بھرپور طریقے سے منانے کا آغاز کیا اور 4 ستمبر 2004 سے ہی اس عالمی یوم حجاب کو پورے طریقے سے منایا جاتا ہے۔
دوسری جانب حجاب ڈے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سے سکلرز انٹرنیشنل کی سی ای او عائشہ سید کا کہا تھا کہ نوجوان اس ملک کا سرمایہ ہیں، نوجوان ہماری طاقت ہیں، یہ ایسی طاقت و سرمایہ ہے کہ ساری دنیا اس پر رشک کرتی ہے، 60 فیصد سے زائد نوجوان آبادی والا یہ ملک انہی نوجوانوں کی بدولت دنیا میں ترقی کرسکتا ہے۔ یہ نوجوان اس ملک کی تقدیر بدلنے کی طاقت رکھتے ہیں۔
جبکہ صوبائی وزیر برائے بہبود خواتین محترمہ آشفہ ریاض فتیانہ نے تقریب منعقد کرنے پر ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی صاحبہ کو مبارک باد دی اور کہا میں سمجھتی ہوں کہ عالمی یوم حجاب صرف یہیں تک محدود نہ رہے اور ہمارے سکول، کالجز اور یونیورسٹیوں کے ساتھ ساتھ ایسے ہر ادارے میں منعقد ہو جہاں خواتین ہیں تا کہ یہ شعور اور آگاہی سب تک پہنچ سکے۔ حجاب کو ہم صرف پروٹیکشن کا نام نہیں دیتے میں سمجھتی ہوں یہ ایک احترام بھی ہے۔ یہ صرف لباس کا حصہ نہیں یہ آنکھوں میں بھی حیا اور احترام کا عنصر نمایاں کرتا ہے۔
انچارج سٹوڈنٹس افیئر زیونیورسٹی آف لاہور عمارہ رؤف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حجاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب سے دی گئی ہدایات و نظم و ضبط ہے، یہ ایک سسٹم ہے، یہ گائیڈ لائنز ہیں جو ہماری زندگیوں کو بہتر اور محفوظ بنانے کے لیے دی گئی ہیں۔ ہمیں اس کو حکم خداوندی سمجھ کر اطاعت کرنی چاہیے۔

معروف تجزیہ کار محترم اور یا مقبول جان بھی تقریب میں شریک تھے انہوں نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج کے دور کا سب سے بڑا موضوع یہی ہے۔ عموماً ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم وہ لوگ ہیں جو سماج تخلیق کرتے ہیں۔ لیکن ہم اور آپ جس دنیا میں رہ رہیں اس میں سماج ہم پر نافذ کیا جا رہا ہے۔ آج کی جدید دنیا جس کی قسم کی اقدار و روایات کے تصور کو ہمارے سامنے رکھنا چاہتی ہے اس کے لیے اس کے پاس دو بہت اہم ذریعے ہیں۔۔۔ جو روز ہمیں بتاتے ہیں کہ ایسے زندگی گزارو گے تو تمہاری زندگی کامیاب ہو گی اور ایسا کرو گے تو تمہاری سکسیس (Success) سٹوری بنے گی۔ اور وہ دو ذریعے ہیں نظام تعلیم اور میڈیا۔۔۔ ہم کتنی بھی سادہ زندگی گزارنا چاہیں، ہم کتنا بھی سادہ رہن سہن اپنانا چاہیں، ہمارے گھروں میں موجود چودہ انچ کا ٹیلی وژن ہمیں ایک نئی دنیا دکھاتا ہے، جو کہ مادہ پرست دنیا ہے۔

اس موقع پر ڈائریکٹر دعوۃ اکیڈمی انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی ڈاکٹر طاہر محمود نے کہا کہ ہم جس دین کے ماننے والے ہیں وہ اپنے پس منظر، تہہ منظر اور پیش منظر کے اعتبار سے ایک افاگیر عالمگیر پیغام کا حامل ہے۔۔۔ حجاب میں عورت کی عزت ہے، تقدس ہے، اس کی کرامت ہے۔ حجاب عورت کے احترام کا نام ہے۔ حجاب کرنے والی خواتین، حجاب کرتے وقت ایک ہی بات ذہن میں رکھا کریں کہ یہ میرے اللہ کا حکم ہے۔ حجاب کے بارے لوگوں کا دعویٰ ہے کہ یہ عورتوں کی قید ہے، حالانکہ یہ بالکل بے بنیاد بات ہے۔ اگر ایک خاتون اپنی مرضی سے آزادی سے بے پردہ رہ سکتی ہے تو ایک عورت جو اپنی مرضی سے حجاب کرتی ہے اس کو تنقید کا نشانہ کیوں بنایا جاتا ہے؟

سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان محترم امیر العظیم نے خواتین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حجاب معاشرے کی ترقی میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ یہ ثقافت، یہ تہذیب، یہ ترقی۔۔۔ اس کے پیچھے ایک ایجنڈہ ہے۔۔ اور وہ ایجنڈہ ہے اکانومی۔۔ اور مغرب میں حجاب کو نشانہ اسی لیے بنایا جاتا کہ ان کی اکانومی کا بہت بڑا فیکٹر اس سے وابستہ ہے۔ اسی لیے اس کے خلاف مہم چلائی جاتی ہے۔

ہیڈ چائلڈ رائٹس سنٹر یونیورسٹی آف دی پنجاب ڈاکٹر طارق محمود خان نے معاشرتی رویے کی بات کرتے ہوئے کہا کہ سوشل یا معاشرتی رویہ جب پیدا ہوتا ہے تو اس کے لیے مختلف طرح کی چوائسز کی ضرورت ہوتی ہے، ہمارے پاس تو چوائس ہی نہیں ہے۔۔ ہمارے پاس سوشیو اکانومک سٹیٹس اس طرح سے ہے کہ 80 فیصد سے زیادہ آبادی اس سٹیٹس میں بس رہی ہے جہاں چوائسز ہی نہیں ہیں۔۔۔ لیکن وہاں بھی چوائسز پیدا کی جا سکتی ہیں۔۔ ایک معاشرے میں ایک ماں ماڈل ہوتی ہے۔۔۔ ماں بچوں کی چوائس کا خیال رکھتی ہے اس لیے اس سسٹم میں ماں بطور ماڈل پیش کی جا سکتی ہے۔

تقریب میں شریک ڈائریکٹر اکیڈمکس ایف سی کالج ڈاکٹر سمیرا ملک کا کہنا تھا کہ ہماری سوسائٹی ہم بناتے ہیں، سوسائٹی باہر سے بن کر نہیں آتی۔ بچے کے دو استاد ہوتے ہیں ایک وہ گھر سے سیکھتا ہے، اور پھر وہ سکول آتا ہے جہاں اس کی پرسنیلٹی ریفائن ہوتی

ہے۔۔۔لرننگ کے تین طریقے ہیں جس سے کوئی بچہ سیکھتا ہے۔۔بچہ دیکھتا ہے، سیکھتا ہے اور اسے ماڈل کرتا ہے۔۔ان طریقوں پر عمل کرتے ہوئے معاشرے کی بنیاد رکھی جاتی ہیں۔۔۔انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے لیے بطور انسان، اور بطور استاد بہترین شخصیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں جنہوں نے معاشرے کی تشکیل کے لیے بہترین لائحہ عمل دیا ہے۔

پروفیسر یونیورسٹی آف گجرات خلیل الرحمان نے اپنے خطاب میں کہا کہ معاشرے کی بنیاد گھر ہے، اگر ہم اپنے معاشرے کو کسی بھی پہلو سے دیکھیں، چاہے وہ تعلیم ہو، حجاب ہو، تہذیب ہو، یہ ساری چیزیں مل کر سماج بنتا ہے۔اسلام کا یہ خاصہ ہے کہ یہ سماج کو خودی پر قائم کرتا ہے۔جب تک ہم میں خودی تھی تو ہم سب سے آگے تھے، اور جب سے ہم نے خودی کو چھوڑا ہے ہم تعلیم سے لے کر تہذیب تک ہر چیز میں پستہ ہوتے چلے گئے۔دنیا کی سو کالڈ معاشرت میں عورت کو سر بازار لا کر کھڑا دیا گیا ہے، اور ہم ان کو آئیڈیل سمجھنا شروع ہو گئے ہیں۔

پرنسپل کنگسٹن کالج رائے اینڈرسن نے اپنے اسلام قبول کرنے کے بارے بتاتے ہوئے کہا کہ میں نے الحمداللہ اسلام قبول کر لیا ہے اور اب میرا اسلامی نام محمد یوسف ہے۔انہوں نے کہا کہ میں جاپان کی ایک میڈیکل یونیورسٹی میں کام کر رہا تھا، وہاں مجھے کسی نے بتایا کہ اذان کی آواز بہت خوبصورت ہوتی ہے۔میں نے بھی اذان سنی، اس نے میرے ذہن پر بڑا گہرا اثر ڈالا۔۔میں اس کے سحر میں کھو گیا اور پھر میرا دل بدلتا چلا گیا، جاپان میں میرا مسلمانوں سے اتنا تعلق نہیں رہا، پھر جب میں یروشلم گیا اور وہاں گولڈن ڈوم میں مسلمانوں سے ملاقات ہوئی۔۔اس کے بعد استنبول کی نیلی مسجد کا دورہ کیا، وہاں مجھے محسوس ہوا کہ روحانیت کیا چیز ہے اس مسجد کا فرش، اس کی روشنیاں سحر انگیز تھیں۔۔۔۔۔اس کے بعد کنگسٹن کالج کے پرنسپل کے طور پر میں پاکستان آ گیا۔انہوں نے سماجی رویے پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہاں کے تعلیمی نظام کا جائزہ لیا جائے تو یہاں سب سے بڑی منفی چیز جو میں نے دیکھی ہے، وہ ہے سمارٹ فون ایڈیکشن۔۔۔چھوٹے بچے سمارٹ فون کا بے تحاشہ استعمال کرتے ہیں والدین سمارٹ فون کے مضر اثرات پر غور نہیں کر رہے۔معاشرے کی اصلاح کے لیے ضروری ہے کہ والدین بچوں کو آج کے جدید دور میں ٹیکنالوجی کی افادیت اور نقصانات سے آگاہ رکھیں، اور ان کو نت نئی سکلز سکھانے پر توجہ دیں تاکہ یہ بچے قوم کا بہتر مستقبل بن سکیں۔

جی سی یونیورسٹی لاہور کے وائس چانسلر ڈاکٹر اصغر زیدی نے اپنے خطاب میں کہا کہ جی سی یونیورسٹی میں ہراسمنٹ کو مکمل ختم کرنے کے لیے ایک مکمل ضابطہ بنایا ہے، اسی کے تحت جی سی نے خواتین طلباء کے لیے مکمل آزادی رکھی ہے کہ وہ حجاب یا کسی بھی قسم کا لباس پہن کر تعلیم حاصل کر سکتی ہیں، اور ان کو کوئی مشکل بھی پیش نہ آئے۔

سابق صوبائی وزیر میاں عمران مسعود نے ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی صاحبہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ عالمی یوم حجاب کا انعقاد ان

کی قائدانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، اور یہ صلاحیتیں ان کو ورثہ میں ملی ہیں، میں اسمبلی میں بھی رہا، اور وہاں قاضی حسین احمد صاحب کو ہمیشہ ہم نے اسلام اور اسلامی قوانین کے نفاذ کے لیے ہمیشہ کوشاں دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ عورتوں کو حجاب لیتے ہوئے کسی بھی قسم کی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرنی چاہیے۔۔حجاب ہماری اسلامی اقدار اور روایات کا پاسدار ہے۔

آخر میں چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل محترم قبلہ ایاز نے خطبہ صدارت میں ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ یوم حجاب ہمارے لیے منانا بہت ضروری ہو گیا ہے کیونکہ اس وقت مادہ پرستی کے جس دور سے ہم گزر رہے ہیں اس میں خاندان کی اکائی کو بہت سے چیلنجز درپیش ہیں۔جس سے ہم اپنے معاشرتی، ثقافتی اور اسلامی اقدار سے دور ہو رہے ہیں، ۔اس لیے بار بار تذکیر اور یاد دہانی کے طور پہ یوم حجاب کا منانا بہت اہم ہو گیا ہے۔

تقریب میں رہام قاضی کی جانب سے PLATESMYTH کے نام سے چیز پلیٹر (Cheese Platter).....۔۔کا سٹال لگایا گیا جس میں مختلف انواع کے غذائیت سے بھرپور کھانے شامل کیے گئے تھے۔مہمانوں نے سٹال کا دورہ کیا اور پلیٹس مِتھ کی تعریف کی۔جبکہ رہام قاضی کی جانب سے تقریب کے شرکا میں پلیٹس مِتھ کے کمپلیمنٹری باکسز بھی تقسیم کیے گئے، تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے تقریب میں شرکت کرنے پر مہمانوں اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

Mr. Saddaruddin Hashwani
Chairman,
Hashoo Group
2-35, F-7/1, Islamabad
Pakistan

Dear Uncle Hashwani,
With hopes and prayers for health and spirit I am writing you soliciting a sponsorship opportunity regarding our annual flagship conferences on Independence day and International Hijab Day. Every year 14th of August as Independence Day of Pakistan and 4th September as International Hijab Day being celebrated globally. We organize conferences on these days to facilitate and celebrate the beauty of cultural and spiritual diversity among the streams of identities we practice.

Hijab is a form of beauty and security that a Muslim woman voluntarily embraces as a religious commandment and we are one of the oldest platform that facilitates women to be energetic and passionate and challenge and change the status quo without abandoning their cultural heritage and roots. We provide necessary tools to the women of Pakistan in the areas of human capital development, communication strategies, social intelligence structures and governance. To this end, this annual flagship conference becomes the focal point for all those who celebrate the energy, diversity and heritage among Muslim women by bringing together the crème de la crème of women in Pakistan.

After the coved 19 pandemic, we are planning to celebrate our Independence Day and Hijab day celebrations with great enthusiasm, zest and zeal.

This year conferences will be held on **16th August 2020** and **4th September 2020** from 3 PM till night. We humbly request you to facilitate us in Pearl Continental Hotel, Lahore with a hall and HI tea for 300 persons. As the one who has always strengthened me and enabled me in the causes pertaining to Islam and Pakistan I look upon you this time again. The reality is that your patronage has never let me feel the absence of my late Agha Jan. Your contribution will enable me in great means in organizing these events of substance in terms of content and quality and which has now become an icon of PC Hotel, Lahore. Please advise the management of PC. Lahore so that I can settle the details with them.

If any more information is required, please feel free to contact me anytime. Thank you for your support in advance.

Sincerely Yours,
Dr. Samia Raheel Qazi
Chair person
International Muslim women Union
E: sameea.qazi@gmail.com
M: +92 300 846 0438

محترم
جنرل مینیجر P.C لاہور،
السلام علیکم!

رب رحمٰن سے آپ کے ایمان وصحت کی سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ۔
عالمی یومِ حجاب کے مواقع پر جماعتِ اسلامی کے زیرِاہتمام سالانہ کانفرنس جو کہ P.C لاہور کا امتیازی نشان ہے۔ یہ کانفرنس دو سیشن پر مشتمل ہے۔ جس کا عنوان
''حجاب تحفظ اور رحمت''
''حجاب، نوجوان اور سماجی رویے''
اس کے انتظامات کے حوالے سے آپ سے جو تعاون درکار ہے، اس کی تفصیلات درج ذیل ہیں:۔

۱) پروگرام انشاءاللہ 10 بجے شروع ہوگا اور ہال ہمیں 9 بجے تک تیار چاہیے ہوگا۔
۲) مہمانوں کے لیے ہمیں 50 نشستیں درکار ہوں گی۔
۳) میڈیا کے لیے 30 افراد کی نشستیں الگ مختص کر دیں۔
۴) میڈیا اور تحائف کے لیے ٹیبل درکار ہوں گی۔
۵) استقبالیہ کے لیے ہال کے فرنٹ پر ۲ ٹیبل اور ۴ کرسیاں۔
۶) 2 ملٹی میڈیا سٹیج کے لیے اور ۲ سکرینز۔
۷) ساؤنڈ سسٹم۔
۸) 6 ٹیبل مائک اور ۳ کارڈلیس۔
۹) ایکسٹینشن وائر۔
۱۰) نماز کی جگہ۔

۱۱) 4G

۱۳) پانی کا 1 ٹیبل۔

۱۴) 2:00 بجے دوپہر 50 افراد کے لیے کھانا۔ (میڈیا کے 30 افراد کے لیے الگ کھانا)

۱۵) مغرب کے وقت 50 افراد کے لیے چائے۔ (میڈیا کے 30 افراد کے لیے الگ چائے)

۱۶) ہال کی سجاوٹ پھولوں کے ساتھ۔

۱۷) ایک عدد ڈائس سٹیج کے لیے۔

اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ (آمین)

والسلام

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

ڈائریکٹر امورِ خارجہ حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی

Prof. Dr. Qibla Ayaz,

Chairman, Council of Islamic Ideology,

Pakistan.

<u>Subject:</u> Invitation to attend Hijab Day program at PC Hotel, Lahore as a Guest of Honor.

Dear Dr. Qibla,

With respect to the subject cited above, it is requested that you may join us at PC Hotel Lahore for a program celebrating and honoring 'International Hijab Day' in Pakistan. It is a source of pride for us that 17 prestigious governmental and non-governmental organisations are collaborating for this event.

DATE: Friday 4th September, 2020.

TIMINGS: 3:00pm PST – Maghreb Prayers

VENUE: Shahi Khayma, PC, Hotel, Lahore

Looking forward to your kind participation.

Regards,

Dr. Samia Raheel Qazi Seljuki,

President International Muslim Women Union,

Chairperson Skillerz International.

(Please see attached invitations for details)

Ms. Ashfa Riaz Fatyana,

Minister for Women Development,

Govt. of the Punjab.

<u>Subject:</u> Invitation to attend Hijab Day program at PC Hotel, Lahore as a Guest of Honor.

Dear Ms. Ashfa,

With respect to the subject cited above, it is requested that you may join us at PC Hotel Lahore for a program celebrating and honoring 'International Hijab Day' in Pakistan. It is a source of pride for us that 17 prestigious governmental and non-governmental organisations are collaborating for this event.

DATE: Friday 4th September, 2020.

TIMINGS: 3:00pm PST – Maghreb Prayers

VENUE: Shahi Khayma, PC, Hotel, Lahore

Looking forward to your kind participation.

Regards,

Dr. Samia Raheel Qazi Seljuki,

President International Muslim Women Union,

Chairperson Skillerz International.

(Please see attached invitations for details)

''کورونا میں عالمی یومِ حجاب''

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

ہم سب کو مسلمان عورتوں سے معافی مانگنی ہوگی۔ جب ہم ان کے نقاب اور حجاب کو چیلنج کیا کرتے تھے۔ جب ہم اس کے خلاف قانون سازی کرتے تھے۔ جب ہم انھیں طنز و تشنیع کا نشانہ بناتے تھے۔۔۔ سوشل میڈیا میں آئے دن مغرب کے انصاف پسند لوگ ہمارے حق میں یہ آواز بلند کرتے نظر آتے ہیں تو بہت اطمینان محسوس ہوتا ہے۔ اللہ نے انسانی ترقی کا نقاب نوچ کر اُتار پھینکا ہے اور کرونا کے اس نظر نہ آنے والے جرثومے کی وجہ سے تمام انسانیت کے چہرے پر نقاب اوڑھا دیا ہے۔

اس دفعہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسی آزمائش آئی ہے کہ کووڈ 19 اور کرونا کے اس دور میں اللہ تعالیٰ نے جہاں ایک طرف سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی کا نقاب نوچ کے اُتار پھینکا ہے وہاں ساری انسانیت کو ماسک کا نقاب پہنا دیا ہے اور وہ ممالک جو نقاب پر پابندی کے قوانین منظور کرتے پھر رہے تھے، وہ اب ماسک نہ لگانے پر جرمانے عائد کرتے نظر آ رہے ہیں۔

ہم مغرب کے انصاف پسند لوگوں کی طرف سے آئے دن سوشل میڈیا پر یہ مطالبات دیکھ رہے ہیں کہ ہمیں مسلمان خواتین سے معافی مانگنی چاہیئے جو ہم ان کے حجاب و نقاب پر اعتراض کرتے تھے، کبھی کہتے یہ دقیانوسی کی علامت ہے، کبھی کہتے کہ رابطہ اور بات سمجھنی مشکل ہوجاتی ہے، کبھی کہتے چہرہ نظر نہ آئے تو شخصیت مسخ ہوجاتی ہے۔ کبھی طنز، کبھی حقارت آمیز رویے اختیار کیا جاتا۔

ایک وزیر خارجہ نے کہا کہ میرے پاس نقاب لگا کر کبھی مت آئیں کہ مجھے جب تک چہرہ نظر نہ آئے، میں مخاطب کی بات سمجھ نہیں پاتا۔

اب اس کووڈ کے دور میں ماسک کے اس نقاب کے لازمی ہونے کو کیا نام دیا جائے؟؟

شاید قدرت نے مسلمان عورت کے تمام سوالوں کا جواب ماسک کی صورت میں دے دیا ہے۔

جب مسلمان عورت اعلان کرتی تھی کہ یہ مجھ پر میرے رب کی عائد کردہ ایک پابندی ہے، یہ میرا یونیفارم ہے، یہ میرا بزنس سوٹ ہے، یہ میری ترقی میں معاون و مددگار ہے، یہ میری حفاظتی کِٹ ہے۔ یہ میرا وقار، میرا افتخار اور میرا حق ہے تو اس کی بات کو سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا تھا۔ اب اللہ تعالیٰ نے صرف عورتوں کو ہی نہیں مردوں کو بھی اس نظام کی اطاعت پر اپنی قوت کے بل بوتے پر مجبور کر دیا ہے، ہمیں یہ بات بھی بتا دی گئی ہے کہ حجاب صرف ایک گز کپڑے کا ٹکڑا ہی نہیں ہے بلکہ سوشل Distance، سماجی فاصلے کی ایک علامت ہے۔ اس کووڈ کی آزمائش نے حجاب کے پورے سسٹم کو معاشرے میں لاگو کر دیا ہے اور اُمید ہے کہ اس نفاذ کی وجہ سے ہم اللہ کی ناراضگی سے بھی بچ سکیں گے اور اب مسلمان عورت کے اس یونیفارم پر کوئی اعتراض بھی نہیں کر سکے گا۔

بیسوی صدی کے آغاز میں حجاب کے خلاف جب قوانین بننے شروع ہوگئے تو لندن کے میئر لونگ اسٹون نے جولائی 2004ء میں مسلمان تنظیموں کا ایک مشترکہ اجلاس بلایا۔اس کانفرنس کے اعلامیہ میں 4 ستمبر 2004ء کو عالمی یومِ حجاب منانے کا اعلان کیا گیا اوراس دن سے پوری دنیامیں مسلمان عورتیں اسے اپنے حقوق کی علامت کے طور پر مناتی ہیں۔

کورونا کے خلاف حفاظتی ماسک نے ہمیں پوری تاریخ یاد دلائی ہے اور ہمارے سوالوں کے سارے جوابات دے دیئے ہیں۔

کیا آپ تصور کر سکتے ہیں کہ کوئی شخص وال سٹریٹ کے ایگزیکٹو یا واشنگٹن کے کسی بینک کے اعلیٰ عہدیدار کو کہے کہ وہ ٹی شرٹ اور جینز کی پینٹ پہن لے۔وہ آپ کو بتائے گا کہ اس کا بزنس سوٹ کام کے دوران اس کی شخصیت کا عکاس ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس کے ساتھ سنجیدگی سے معاملات کیے جائیں۔

حجاب بھی مسلمان عورت کا بزنس سوٹ ہے اور یہ لباس اعلان کرتا ہے کہ میرے ساتھ عزت واحترام سے پیش آیا جائے۔طالبان کی قید میں رہنے والی برطانوی صحافی ایوان ریڈلے، جو میرے ساتھ مسلمان عورتوں کی نمائندہ تنظیم انٹرنیشنل مسلم ویمن یونین (IMWU) کی ایک کانفرنس میں موجود تھیں،حجاب کے بارے میں اپنا تجربہ بیان کررہی تھیں:

’’میں کئی برسوں سے تحریک نسواں کی حامی تھی اور اب میں مسلمان خواتین کے حقوق کی علمبردار ہوں ۔ میں آزادی نسواں کے علمبرداروں سے ایک سوال کرتی ہوں کہ عورتوں کی آزادی کس چیز میں زیادہ ہے؟ اپنی سکرٹ کو مختصر کرنا اور اپنے جسم کو کتنی مقدار میں نمائش کے لیے پیش کرنا معیار آزادی ہے یا عورتوں کو اُن کے کردار،علم اور ذہانت کی بناء پر پرکھا جائے؟؟‘‘

ایک سوال کے جواب میں ریڈلے نے کہا کہ لوگ ایک فضول بات کرتے ہیں کہ چونکہ حجاب ونقاب گفتگو اور رابطے میں رکاوٹ بنتا ہے اس لیے عورت آگے بڑھ نہیں پاتی اور ترقی کے دروازے اس پر بند ہوجاتے ہیں ۔ یہ کیا ہی واہیات بات ہے؟ پھر تو سیل فون،ٹیکسٹ مسینجر اور فیکس مشین اور کمپیوٹرز کا استعمال کرنا بند کردیا جائے، ریڈیو سننا ختم کردیں کیونکہ چہرہ دکھائی نہیں دیتا۔اصل میں بات یہ نہیں ہے بلکہ درحقیقت مسلمان عورت کو بے حجاب کرکے اس کے راز کو افشاء کرنا ہے۔حجاب کے اندر عورت ایسے ہی ہے جیسے سیپ میں بند موتی ۔ جیسے چشمہ پہاڑ کے اندر سے نمودار ہوتو اس کا پانی صاف شفاف آئینے کی طرح ہوتا ہے مگر جوں جوں نیچے میدانوں کی طرف بہتا ہے تو اپنے ساتھ آلائشیں اور غلاظت بھی بہاتا چلا آرہا ہے اور وہ صاف پانی گدلا ہوجاتا ہے۔لوگ پانی کے آخری حالات دیکھ کر یہی سمجھتے ہیں کہ شاید یہ گندا پانی ابتدا سے اسی طرح ہے۔یہی حال مسلمان خواتین کے حجاب کا بھی ہے۔چودہ سوسال پہلے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرب کی بالکل جاہل اور عریاں عورت کو تہذیب،شائستگی اور وقار عطا کیا، وہ لوگ بالکل ننگے ہوکر خانہ کعبہ کا طواف کیا کرتے ، دوپٹہ ان کی تہذیب میں ہی شامل نہیں تھا۔آج کل پھر جدید جاہلیت کا شکار طبقہ دوپٹے کو لباس

سے غائب کرا کر فتح کے شادیانے بجا رہا ہے کہ شاید یہ ماڈرن ازم ہے کہ لباس باریک سے باریک تر اور مختصر سے مختصر تر کر دیا جائے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل کے زمانے کو زمانہ جاہلیت کہا جاتا ہے اور زمانہ جاہلیت میں بھی عرب عورت اپنے آپ کو زیادہ سے زیادہ نمائش کے لیے پیش کرتی تھی۔ بہت زیادہ بڑے گلے ہوتے تھے اور اپنے آپ کو ڈھکنے کا تصور ناپید تھا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے عزت و توقیر بخشی۔ اُسے حجاب کے اصول سکھائے کیونکہ فطرت کا تقاضا ہے کہ جو چیز جس قدر قیمتی ہے اسے اس قدر نظروں سے پوشیدہ رکھا جاتا ہے اور جسے جس قدر حفاظت اور تحفظ دینا مقصود ہو، اسے اتنا ہی بیرونی آلائشوں اور کثافتوں سے دور رکھا جاتا ہے۔ دنیا میں پائی جانے والی تہذیبیں اور ثقافتی روایات اس بات پر متفق ہیں کہ جو چیز اپنی قدر و قامت کے اعتبار سے جس قدر اہم ہوگی۔ اسی قدر اس کو خفیہ، پوشیدہ اور چھپا کر رکھا جاتا ہے تاکہ وہ ہر قسم کے بیرونی اور خارجی دباؤ اور اثرات سے محفوظ رہ سکے اور اس کی قدر و قیمت میں کوئی فرق نہ آئے۔ قیمتی اشیاء کو پردے میں رکھنا عقل اور فطرت کا مشترکہ تقاضا ہے۔ اس لیے اگر کوئی اس فطری اصول کو توڑتا ہے تو خرابی پیدا ہونا ایک ناقابل انکار حقیقت بن جاتا ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ ہر دین کا ایک امتیازی وصف ہوتا ہے اور اسلام کا امتیازی وصف ''حیا'' ہے۔ یعنی حیا مسلمانوں کی شناخت ہے اور یہی بنیادی صفت ہے جس کی وجہ سے انسان اشرف المخلوقات کا درجہ پا کر حیوانوں سے ممتاز ہو جاتا ہے۔ پردہ اور حجاب اسی بنیادی وصف کا اظہار ہے۔ عورت اللہ تعالیٰ کی وہ حسین تخلیق ہے جس کی وجہ سے اس کائنات میں رنگ بھر گئے اور اور عورت ہی وہ ذات ہے جس کو اللہ رب العلمین نے اپنی صفت تخلیق سے نوازا ہے۔ یعنی وہ ایک بے جان لوتھڑے کو اپنا خون جگر دے کر انسان بناتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کو یہ حجاب اور پردے کی صفت اتنی محبوب ہے کہ ہر تخلیق کرنے والی ہستی کو اپنی طرح حجاب میں رہنے کا پابند بناتا ہے تاکہ وہ اپنی تخلیق کی بہتر حفاظت اور پرورش کر سکے۔

زمانے نے اس پر لادد یئے تھے اور ان زنجیروں سے آزاد کرایا جس میں معاشرے نے اس کو جکڑ لیا تھا۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتی زندگی میں تو عورت کا اتنا متحرک (Dynamic اور Dominent) کردار ہے کہ ایک عرب شاعر نے اس پر طنز کرتے ہوئے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جب سے آئے، عورت ہی عورت ہونے لگی ہے۔ انہوں نے عورت کو جو کہ زندہ درگور ہو رہی تھی خوشبو اور نماز کے ساتھ یاد کیا اور اس ایک جملے کی چھوٹی سی حدیث نے عورت کے وجود کی اہمیت کو کس قدر خوبصورتی اور معنویت عطا کی ہے۔

☆ آپؐ زندگی کے کسی لمحے میں بھی اپنی والدہ بی بی آمنہ کو فراموش نہ کر سکے جبکہ والد کو تو آپؐ نے دیکھا ہی نہ تھا۔

☆ اپنی رضاعی والدہ بی بی حلیمہؓ کے ہمیشہ احسان مند رہے۔ رضاعی والد کو ہم آج کم ہی جانتے ہیں۔

☆ رضاعی بہن حضرت شیماؓ ایک دفعہ آئیں تو ان کے لیے چادر بچھادی۔ رضاعی بھائی بھی تھے مگر ہم ان سے لاعلم ہی ہیں۔

☆ حضرت خدیجہؓ پہلی مسلمان ہونے کے اعزاز کے ساتھ ساتھ آپ کی زندگی میں ایسے شامل رہیں کہ آپ ہر وقت انہیں یاد کرتے رہے اور حضرت عائشہؓ کو کہنا پڑا کہ مجھے حضرت خدیجہؓ پر رشک آتا ہے۔

☆ حضرت عائشہؓ کو اتنا زیادہ لاڈ پیار سے رکھا کہ حیرت ہوتی ہے اور ان کی زندگی وفا اور محبت کی لازوال داستان دکھائی دیتی ہے۔

☆ حضرت فاطمہؓ سے تعلق سے تو تاریخ بھری پڑی ہے اور آپ کی نسل بھی آپ کی بیٹی سے ہی چلی۔ لیکن آج اُمت مسلمہ بالعموم اور مسلمان عورت بالخصوص فیصلہ کن دوراہے پر کھڑی ہے۔ ایک طرف مغربی تہذیب وثقافت کا سیلاب ہے جو وقت کی ٹیکنالوجی کے مؤثر ترین آلات سے آراستہ ہو کر اپنے دین وایمان اور اپنی تاریخ وروایت سے کاٹ کر مغربی تہذیب کے سانچے میں ڈھال دینا چاہتا ہے اور دینوی ترقی اور ثروت کے طلسم سے ہماری آنکھوں کو ذخیرہ کرنے میں مصروف ہے تو دوسری طرف قدامت اور روایت کے کچھ علمبردار بھی اپنے خلوص کے باوجود رسم ورواج کو اقدار اور اصول کا درجہ دے کر وقت کے حقیقی تقاضوں سے مکمل صرف نظر کر رہے ہیں اور زمانے کے چیلنج کا مقابلہ کرنے کی بجائے ماضی کے حصار میں محصور ہو جانے میں عافیت دیکھ رہے ہیں۔ یہ دونوں ہی راستے زندگی اور ترقی کے راستے نہیں ہیں۔ نہ ہم نے اپنی اقدار وروایت پر کوئی سمجھوتا کرنا ہے نہ وقت کی ضرورتوں کو نظر انداز کرنا ہے۔

☆ مغلوبیت اور محکومیت سے بچنے کا واحد راستہ وہی ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دکھایا ہے کہ جسے صلحائے اُمت نے اپنے اپنے دور میں کامیابی سے آزمایا ہے۔ یعنی اصول واقدار کے سلسلے میں مکمل استقامت اور ذرائع ووسائل کے باب میں ضروری لچک اور وسعت۔

حجاب ایک مکمل نظام اخلاق اور نظام عفت وعصمت ہے جو مردوں کو بھی اتنا ہی محفوظ رکھتا ہے جتنا عورت کو۔ اس کا خطاب مردوں سے بھی ہے اور عورت سے بھی۔ اس مہم کے ذریعے ہم اپنے تہذیب اسلامی سے ٹوٹتے ہوئے رشتوں کو بحال کرنے کی کوشش کریں گے۔ میڈیا نے ہمارا پہلے بھی بہت ساتھ دیا ہے اور ہم اب بھی ان سے گزارش کرتے ہیں کہ وہ تہذیب اسلامی کے احیاء کے اس مشترکہ کام میں ہمارا ساتھ دیں تاکہ ہم اپنی کھوئی اور گمشدہ عزت اور وقار کو بازیاب کرا سکیں۔

قوموں کی زندگی میں عورت کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ ان کو دنیا میں سربلندی اور سرفرازی کا مقام دینے کا سہرا مضبوط اور اعلیٰ اخلاق کی حامل عورت کے سر ہی ہوتا ہے اور عورت سے اگر حیا کی صفت ختم ہو جائے تو معاشرہ حیوانیت کا شکار ہو جاتا ہے اور نسلوں میں بگاڑ اپنی انتہا کو پہنچ جاتا ہے۔ ہم بھی اپنے معاشرے میں درندگی کی انتہا دیکھ رہے ہیں۔ روزانہ کے دلدوز واقعات نے

ہر دردمند دل کو خوف اور پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے کہ ہمارا معاشرہ کس طرف جا رہا ہے۔ اصل میں ہم ماؤں کا قصور زیادہ ہے کہ ہم نے اپنے صدف کے موتیوں کی پرورش میں غفلت برتنی شروع کر دی ہے۔ ورنہ کیسے ممکن تھا کہ قوم کی مائیں جاگ رہی ہوں اور معاشرے میں دلدوز واقعات وقوع پذیر ہو جائیں۔ مائیں جاگ رہی ہوں اور ان کی نسل میں مجرمانہ رویے پروان چڑھ رہے ہوں۔ مائیں جاگ رہی ہوں اور ان کے بچے نشہ آور ادویات میں پناہ ڈھونڈ رہے ہوں۔

ماؤں کو جاگنا ہوگا۔ آئیں اس یومِ حجاب پر عہد کریں کہ حجاب کو صرف ایک گز کپڑے کا ٹکڑا نہیں سمجھیں گے بلکہ یہ پورا نظام اخلاق ہے۔ تعلیم کے ساتھ تربیتی نصاب، عفت و عصمت کے اعلیٰ انسانی اوصاف کی علامت ہے۔ ہمارے نوجوانوں کے سماجی رویوں کی تہذیب ہے۔ حجاب تہذیب کی علامت ہے۔ اسے صرف عورتوں تک محدود نہیں رکھنا ہوگا بلکہ قرآن میں حجاب کے احکام کا آغاز مردوں سے کیا گیا ہے۔ اس لیے پورے معاشرے میں حیوانی جبلتوں کو تہذیبی دائروں میں لانے کا اہتمام کرنا ہوگا۔ حجاب چادر بتولؓ کا نام ہے، یادگار بی بی فاطمہؓ، بی بی عائشہؓ ہے۔ اپنی ان پاکباز ہستیوں کی یادگار کے ذریعے اپنی عورت کو معاشرے میں عزت و وقار بخشیں۔ عورت کو تحفظ دے کر اپنے مستقبل کو محفوظ بنائیں تاکہ اچھے خاندان، اچھے معاشرے اور اچھی قوم سے اس زمین کو جنت بنا سکیں۔

حجاب، نوجوان اور ہمارے سماجی رویے

ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی

تو آپ کب ہمارے خوبصورت ملک میں تشریف لا رہی ہیں؟؟ یورپ کے ایک اہم ملک کی سفیر اسلام آباد میں ایک تقریب میں پوچھ بیٹھیں، میں نے مسکرا کر جواب دیا کہ نقاب کے ساتھ شاید مجھے جیل جانا ہوگا اس لیے میں اپنے خوبصورت ملک میں زیادہ تحفظ محسوس کرتی ہوں، جہاں میرے حجاب کو آج بھی بہت عزت دی جاتی ہے۔ مگر یہ کیا ہوا کہ خالق کائنات نے ایک چھوٹے سے نظر نہ آنے والے جرثومے سے دیکھتے ہی دیکھتے ساری انسانیت کو نقاب اوڑھا دیا۔

ذہن کے دریچوں میں کچھ واقعات ایک فلم کی طرح چلنے لگے۔ یہ ایک ایسے ملک کی عدالت کا کمرہ ہے جو انسانی حقوق کا چیمپئین بننے کا دعویٰ کرتا ہے مگر ایک مسلمان عورت اپنے حجاب کے دفاع میں چھریوں کے وار سہہ کر اپنی جان قربان کر دیتی ہے۔ یہ ایک دوسرے ملک کا منظر ہے کہ جہاں ایک عورت کو اس حجاب کی خاطر اپنی پارلیمنٹ کی نشست اور ملک کی شہریت دونوں سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ یہ ایک خوشبوؤں اور فنون اور تہذیب کا گہوارہ سمجھے جانے والے ملک کا تذکرہ ہے جہاں نقاب پہننے والی عورت کو جیل اور جرمانے کی سزا سنائی گئی۔

الغرض انسانی تاریخ میں اس چھوٹے سے حجاب کے ٹکڑے کو اتنا طاقتور دیکھا گیا کہ کبھی یہ قانون پاس کرنے کا سبب بنتا ہے، کبھی عدالتوں کے کٹہروں میں اس پر بات ہوتی ہے، کبھی حکومتی ایوانوں میں اس پر بحث ہوتی ہے اور کبھی میڈیا میں اس کے خلاف تعصب کی یلغار ہوتی ہے۔ کبھی حجاب کو پس ماندگی کی علامت سمجھا جاتا تھا تو کبھی مردوں کے جبر کا استعارہ اور اب اسے تہذیبی علامت سمجھا جانے لگا ہے۔ یہ تو کچھ ہی عرصہ قبل کی بات ہے کہ ایک اہم ملک کے وزیر خارجہ نے نقاب پہننے والی خواتین کے بارے میں طنزیہ کہا کہ اُن سے رابطہ کرنے میں رکاوٹ محسوس ہوتی ہے اور جب چہرہ نظر نہ آتا ہو تو مخاطب کی بات بھی سمجھ نہیں آتی اور ان کو ایک نو مسلم خاتون نے جواب دیا کہ آپ پھر فون کیسے استعمال کرتے ہیں اور کمپیوٹر اسکرین پر بھی ہر وقت مخاطب کا چہرہ تو نظر نہیں آتا آپ کیسے لوگوں سے رابطہ کرتے اور بات چیت کرتے ہیں؟؟

ایک مشہور تھنک ٹینک Pew ریسرچ سینٹر کی تحقیق کے مطابق سات مسلم اکثریتی ممالک بشمول پاکستان، مصر، سعودی عرب، عراق، لبنان اور تیونس میں کیے گئے ایک سروے کے مطابق پاکستان میں 98 فیصد افراد عورت کے گھر سے نکلتے وقت پردہ کی کسی صورت کے حامی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں رہنے والوں کی سب سے بڑی تعداد بتیس فیصد نقاب والے برقعے کی حامی ہیں۔ 31% یعنی اکتیس فیصد چادر پہننے کی حمایت کرتے ہیں۔ 24% عورت کے سکارف کو پسند کرتے ہیں۔ آٹھ فیصد

دوپٹے کے حامی ہیں اور دو فیصد افغانی ٹوپی والے برقعے کو پسند کرتے ہیں اور ان 98% کے مقابلے میں صرف دو فیصد افراد عورت کے سر ڈھکنے کو ضروری نہیں سمجھتے۔ اس سروے نے پاکستان میں عورتوں کی حجاب سے محبت کو آشکار کیا ہے۔

کچھ عرصہ قبل ایک نام نہاد دانشور نے مجھ پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ ہم جب یونیورسٹی میں پڑھتے تھے تو خال خال کوئی لڑکی حجاب لیتی تھی۔ اب آپ نے لوگوں کو زبردستی حجاب کروانا شروع کر دیا ہے اور ہر طرف حجاب والی لڑکیاں نظر آتی ہیں۔ مجھے اُن کے اعتراض پر بڑی ہنسی آئی کہ حجاب بھی بھلا کوئی زبردستی کی چیز ہے اور کون عورت کو زبردستی اور جبریہ حجاب کرا سکتا ہے؟؟ لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ حجاب عورت کو اپنے وقار اور تحفظ کا احساس دلاتا ہے۔ اصل میں حجاب عورت کی فطرت میں شامل ہے۔

Covid 19 کے اس چھوٹے سے جراثیم نے انسانی ترقی کو زیرو پر لا کر کھڑا کر دیا ہے۔ انسان کو اس کی حقیقت سمجھا دی ہے کہ اللہ رب العالمین ہی اس کائنات کا رب ہے۔ اس نے انسانوں کو بے لگام نہیں چھوڑا۔ زمین جب فساد سے بھر گئی تو اس نے اپنے اختیار کو استعمال کر کے انسانوں کو بتا دیا کہ تمہاری کیا حقیقت ہے؟ اب وہ ممالک جو نقاب پر جرمانے عائد کر رہے تھے اب بغیر نقاب گھر سے باہر آنے پر جرمانہ عائد کر رہے ہیں۔ اللہ کی شان دیکھیں کہ وہ لوگ جو نقاب کو پسماندگی، جبر اور دقیانوسیت کی علامت سمجھ بیٹھے تھے، اب ماسک کو عین سائنس اور انسانی زندگی کے لیے از حد ضروری چیز سمجھ کر اس کے فوائد گنوا رہے ہیں۔ انصاف پسند لوگ آئے دن سوشل میڈیا پر یہ بات کرتے نظر آتے ہیں کہ ہمیں اُن مسلم عورتوں سے معافی مانگنی چاہیے جن پر ہم اعتراضات کرتے اور اڑاتے تھے۔

لیکن یہاں ایک اہم بات کی طرف توجہ دلانا مقصود ہے کہ حجاب عورت کے تحفظ کی علامت ہے۔ یہ صرف ایک گز کپڑے کے ٹکڑے کا نام نہیں بلکہ عورت کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ اس کو تعلیم کا حق، وراثت کا حق، ہر قسم کے ظلم و جبر سے تحفظ کا حق، یہ حجاب ان سب حقوق کا نام ہے۔ ہمارے معاشرے میں جو خطرناک رجحان سامنے آ رہا ہے اور عورت پر تشدد کے واقعات بڑھ رہے ہیں۔ ابھی سید پور، راولپنڈی میں ایک نوجوان لڑکی کو بے لباس کر کے سوشل میڈیا پر اس کی ویڈیو وائرل کی گئی۔ حیرت ہے کہ اُن ملزمان کی ضمانت پولیس نے دے دی۔ حجاب کے عالمی دن کے موقع پر عورت کے تحفظ کی بات جتنی ضروری ہے، اتنا ہی اسے ہر قسم کے ظلم و ستم اور ہر قسم کے استحصال سے بچانا ضروری ہے۔

اشتہارات میں عورت کے استحصال، ماڈلنگ کی دنیا میں اس کی بے توقیری، جائے ملازمت پر اس کے ساتھ امتیازی سلوک، مرد اور عورت جہاں ایک جگہ، ایک سا کام کر رہے ہیں تو عورت کو اس کی تنخواہ کم ملنا بھی استحصال ہے۔ اسی طرح ہمارے نوجوانوں کے رویے، عبادات اور مساجد کا تقدس ایسا پامال ہو رہا ہے کہ خود ان اداکاروں کو بھی احساس نہیں ہو رہا کہ ہماری معاشرتی حدود کہاں سے

شروع ہوتی ہیں، کہاں پر ختم ہوتی ہیں۔ایک مسجد میں ایک منظر پر بہت اعتراض کیا گیا جبکہ حقیقت یہ ہے کہ مگر کیا ہماری مساجد میں اگر عبادات کے تقدس کا خیال رکھا جاتا، اردگرد کے نوجوان ان مساجد کو عبادات سے آباد رکھتے تو کسی کی کیوں ایسی مجال ہوتی کہ وہاں لوگ اتنے کھلے عام اپنی معاشرتی اقدار کی دھجیاں اڑاتے۔ایک عورت نے عورت سے شادی کر لی۔ایک چھوٹی سی ٹک ٹاک گرل بڑے بڑے لوگوں کو بلیک میل کرتی نظر آ رہی ہے۔

اکثر Reality Shows میں ایسے ایسے مناظر دیکھنے کو مل رہے ہیں کہ معاشرتی اقدار کا جنازہ نکلتے ہوئے دیکھ رہے ہیں اور ارباب اختیار ٹک ٹک دیدم دم نہ کشیدم کے مصداق چپ سادھے بیٹھے ہیں۔اس بات کو ہم ضرور ذہن میں رکھیں کہ عورت معاشرہ کا دھڑکتا ہوا دل ہے۔اس کے کردار سے، اس کی وفا سے قوموں کا کردار تشکیل پاتا ہے۔ہماری تہذیبی اقدار داؤ پر لگی ہیں، ہمارے اشتہارات، ہمارے ڈرامے، ہمارا سوشل اور الیکٹرانک میڈیا، ہمارے نوجوانوں کے سماجی رویوں پر یلغار کیے ہوئے ہے۔قبل اس کے کہ ہم اس سیلاب کی نذر ہو جائیں، آئیں ہم اپنی تہذیب کی عمارت کے ستون یعنی عورت کے تحفظ کے لیے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جائیں۔ہماری عورت مایوسیوں میں اُمید کے چراغ روشن کرتی ہے۔اس کے کردار سے قومیں سربلند ہوتی ہیں۔وہ ایک روشن مستقبل بن کر اندھیروں سے لڑ بھڑ جانے کا حوصلہ دیتی ہے۔کبھی نہ بجھنے والے چراغ کی مانند منزل کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔اس کی صدا زندگی کا پیام بن کر صدیوں تک ہماری راہیں آسان کرتی ہے۔آیئے اس کے تحفظ میں ہم مل کر سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جائیں۔اپنی اقدار کے تحفظ کی خاطر، اپنی آنے والی نسلوں کی شناخت کی خاطر، اپنی ماں، بہن اور بیٹی کو عزت، محبت اور حفاظت سے بھرپور معاشرہ دینے کی خاطر اپنا کردار ادا کریں۔کیا آپ ساتھ دیں گے؟؟